پن کتاب

# سورۃ اخلاص سے
# مشکلات کا حل

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝
اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝
وَلَمْ یُوْلَدْ ۝
وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ
كُفُوًا اَحَدٌ ۝

جسمانی اور روحانی مسائل کے قرآنی حل پر منفرد کتاب

# سورۂ اخلاص سے مشکلات کا حل

مؤلف: اقبال احمد مدنی

شمع بک ایجنسی
نوید اسکوائر اردو بازار کراچی
Ph:2773302

جملہ حقوق بحق شمع بک ایجنسی کراچی محفوظ ہیں

نام کتاب ——— سورۃ اخلاص سے مشکلات کا حل

مؤلف ——— اقبال احمد مدنی

ناشر ——— شمع بک ایجنسی

پرنٹر ——— خالد پرنٹر کراچی

سن اشاعت ———

قیمت ——— -/40 روپے

شمع بک کارنر امین پور بازار فیصل آباد

PH:041,2640013



# تعارف (112) سورۃ اخلاص

## وجہ تسمیہ

الاخلاص اس سورۃ کا محض نام ہی نہیں ہے بلکہ اس کے مضمون کا عنوان بھی ہے کیونکہ اس میں خالص توحید بیان کی گئی ہے۔ قرآن مجید کی دوسری سورتوں میں بالعموم کسی ایسے لفظ کو ان کا نام قرار دیا گیا ہے جو ان میں وارد ہوا ہو لیکن اس سورۃ میں لفظ اخلاص کہیں وارد نہیں ہوا ہے اس کو یہ نام اس کے معنی کے لحاظ سے دیا گیا ہے جو شخص بھی اس کو سمجھ کر اس کی تعلیم پر ایمان لے آئے گا وہ شرک سے خلاصی پائے گا۔

نام ۔ سورۃ اخلاص، اخلاص کے لغوی معنی شرک سے پاک، تعداد رکوع 1، منزل 7، پارہ 30، ترتیب سورۃ 112، نزول سورۃ 22، مقام مکہ، تعداد آیات 4، تعداد کلمات 15، تعداد حروف 47، تعداد سورۃ اخلاص 3457، نقش سورۃ اخلاص یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۳۷ | ۱۱۳۸ | ۱۱۳۲ |
| ۱۱۳۱ | ۱۱۳۶ | ۱۱۴۰ |
| ۱۱۳۹ | ۱۱۳۳ | ۱۱۳۵ |

نقش کی رفتار یہ ہے

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۷ | ۲ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۸ | ۳ | ۴ |

مندرجہ بالا نقش آتشی چال سے پر کیا گیا ہے اس نقش کو اس وقت لکھیں جب طالع دلو ہو ساعت مریخ کی ہو دن منگل کا ہو۔ بخور میں قسط جلائیں تعویذ لکھنے کے لئے سرخ رنگ کا کاغذ استعمال کریں۔

# فضائل سورۃ الاخلاص

بخاری، ابو داؤد، ترمذی میں ہے کہ سورۃ اخلاص تہائی قرآن کے برابر ہے۔ یعنی اس کو پڑھنے والے کو تہائی قرآن کے پڑھنے کا ثواب ملے گا۔ مسلم۔

ترمذی و دیگر کتب حدیث میں یہ بھی ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو سورۃ اخلاص پڑھتے سنا تو فرمایا بہشت اس کے لئے واجب ہوئی۔

اور بھی وارد ہے کہ ایک صحابی ہے نماز میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھا کرتے تھے۔ لوگوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس سے اس کا سبب پوچھو، لوگوں نے پوچھا، تو انہوں نے کہا کہ یہ رحمٰن کی صفت ہے میں اس کو دوست رکھتا ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حال سن کر فرمایا کہ اس سے کہو کہ اللہ تعالیٰ تجھ کو بھی دوست رکھتا ہے۔ کذا ذکر الفخر۔ اور بخاری میں ہے کہ ایک اور شخص بھی نماز میں اور سورتوں کے بعد اس کو پڑھا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تیرا اس سورۃ کو دوست رکھنا تجھ کو جنت میں



داخل کرے گا اور ترمذی میں ہے کہ جو کوئی چاہے کہ اپنے بستر پر سوئے پھر اپنی داہنی کروٹ لے کر سو بار سورۃ اخلاص پڑھے تو جب قیامت کا دن ہوگا تو پروردگار اس کو فرمائے گا کہ اے میرے بندے اپنی داہنی طرف سے بہشت میں داخل ہو۔ (حصن حصین)

اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سورۃ اخلاص اور سورۃ فلق اور سورۃ ناس کا صبح شام تین تین بار پڑھنا ہر چیز سے کفایت کرتا ہے۔ یعنی ہر برائی کو دفع کرتا ہے۔ (مشکوٰۃ)۔

اور بھی حدیث میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس جبریل اچھی صورت میں ہشاش بشاش آئے اور کہا کہ اے محمد اللہ تعالیٰ تم کو سلام کے بعد فرماتا ہے کہ ہر چیز کی ایک نسبت ہے اور میری نسبت سورۃ اخلاص ہے جو کوئی تیری امت کا ایسا شخص میرے پاس آئے گا جس نے سورۃ اخلاص اپنی عمر میں ہزار بار پڑھی ہوگی تو میں اس کو سورۃ اخلاص نجات کا نشان دوں گا اور اس کے آگے میرا عرش ہوگا اور اس کی شفاعت ایسے ستر آدمیوں کے حق میں قبول کروں گا جن پر عذاب واجب ہو گیا ہوگا۔

اور حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ تبوک میں تھے کہ ایک دن آفتاب ایسا روشن نکلا کہ ویسا کبھی نہیں دیکھا گیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس سے تعجب کیا اور جبریل کے آنے پر ان سے پوچھا کہ اس روشنی کا سبب کیا ہے۔ انہوں نے کہا اس کا سبب یہ ہے معاویہ بن معاویہ لیثی نے آج مدینہ طیبہ میں انتقال کیا، اللہ تعالیٰ نے ان کے جنازہ پر ستر ہزار فرشتوں کو بھیجا کہ ان کی نماز پڑھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ اس توقیر کا سبب کیا ہے۔ جبریل

نے کہا کہ یہ شخص سورۃ اخلاص کھڑے اور بیٹھے اور چلتے اور اوقات شبا روزی میں ب... پڑھتا تھا تم بھی اس کو پڑھو کہ یہ سورۃ تمہارے رب کی نسبت ہے۔ (مشکوٰۃ)

اور جو کوئی اس کو پچاس بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے ہزار درجے بلند کرے اس کی پچاس ہزار برائیاں دور کرے اور اس کے لئے پچاس ہزار نیکیاں لکھے اور کوئی جتنا زیادہ پڑھے اتنا ہی اللہ تعالیٰ ثواب زیادہ دے (کذافی الدر المنثور)

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۃ اخلاص اپنے مرض موت میں پڑھے تو اپنے قبر کے فتنے سے محفوظ رہے گا اور قیامت کے دن فرشتے اس کو اپنی ہتھیلیوں پر اٹھائیں گے۔ یہاں تک کہ اس کو پل صراط سے پار کریں اور جنت میں لے جائیں۔ کذافی شرح الصدور۔

ابن نجار نے اپنی تاریخ میں حضرت علی مرتضیٰؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سفر کا ارادہ کرے اور اپنے دروازہ کے دونوں بازو پکڑ کر گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کا نگہبان ہوتا ہے یہاں تک کہ سفر سے لوٹے۔ (درمنثور۔ خیر المتین ترجمہ حصن حصین)

## خواص نقش سورۃ اخلاص

یہ نقش دیکھنے میں ایک ہی ہے لیکن اثر اور طاقت کے لحاظ سے بہت منفرد ہے اور جو بھی بتائے گئے طریقے کے مطابق اس نقش کو استعمال کرے گا وہ اسے صحیح اور ٹھیک پائے گا۔ اس لئے جو افراد کامل نقش سے کام لینا چاہتے ہوں وہ علیحدہ علیحدہ خواص سے بتائے گئے طریقہ کے مطابق استعمال کریں اور اس کا اثر خود اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔



جس کے پاس یہ نقش عظیم ہوگا۔ اس پر کبھی بھی جادو، ٹونہ، سحر، آسیب یا جن مسلط نہیں ہوگا۔ جس کے پاس یہ نقش ہوگا۔ اس کے ماسوائے اللہ کوئی بھی انسان کوئی نقصان نہیں کر سکے گا بلکہ اس کا نقصان کرنے والا فرد خود نقصان اٹھائے گا۔ اس نقش کو پاس رکھنے والا کبھی کسی کا مقروض نہیں ہوگا جو خواتین اس نقش کو اپنے پاس رکھیں گی۔ ان کا حمل کبھی بھی ساقط نہیں ہوگا۔ کند ذہن اس نقش کو پاس رکھنے سے تیز حافظے کا مالک ہوگا۔ اس نقش کو پاس رکھنے والے فرد پر کسی بھی اسلحے کا اثر نہیں ہوگا۔ اس کو اپنے سفر میں استعمال کرنے والا کبھی بھی سفر کی تھکن محسوس نہیں کرے گا اور نہ ہی راستے میں کسی مصیبت میں مبتلا ہوگا اور نہ ہی یہ اپنی جائز منزل سے بھٹکے گا۔ اس نقش کو پاس رکھنے والے پر اللہ کی خاص رحمت ہوگی۔ اس نقش کو کسی خرچ کرنے والے روپے پر لکھ کر جو بھی اپنے پاس رکھے گا۔ اس کی جیب کبھی نوٹوں سے خالی نہیں رہے گی۔ اس نقش کو پاس رکھنے والا کبھی امتحان میں فیل نہیں ہوگا۔ اس نقش کو اپنے پاس رکھنے والا کبھی دین کی دولت سے محروم نہیں ہوگا۔ اس نقش کو پاس رکھنے والا اپنے دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہے گا۔ اس نقش کو جو بھی زعفران سے لکھ کر اپنے گھر میں لگائے گا۔ اس کا گھر جادو، ٹونہ، آسیب، وسحر سے ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ اس نقش کو اپنے گھر میں چوکھٹ کے اوپر لگانے سے چور کبھی بھی مال اور دولت کو نہیں چرا سکے گا۔ اس نقش کو چاندی کی انگشتری میں بند کروا کر رکھنے والے سے اس کے دشمن خوف کھائیں گے۔ اس نقش کو اپنے گلے میں پہننے والا اور اپنے گھر میں لگانے والا کبھی بھی کسی بیماری میں مبتلا نہیں ہوگا۔ اس کا کبھی حادثہ نہیں ہوگا۔ اس کو اپنے پاس رکھنے سے کوئی بھی حادثہ پیش نہیں آئے گا۔ اس نقش پر اپنے محبوب کا نام لکھ کر پاس رکھنے سے ان کا محبوب ان کے بغیر کہیں بھی چین نہیں پائے گا اور ان کی جائز محبت کو پروان چڑھنے میں یہ نقش سریع

التاثیر معنی رکھتا ہے۔ اگر کسی فرد کے بہت سارے دشمن بن گئے ہوں اور ان کی توجہ اپنی طرف سے ہٹا کر ان کی آپس میں پھوٹ ڈلوانے کے لئے اس نقش کے پیچھے اپنے دشمنوں کے نام لکھ کر اس پر موم لپیٹ کر اس کو چلتے پانی کے کنارے دفن کریں۔ ان کے دشمنوں کی آپس میں جنگ ہوگی۔ لیکن ایسا صرف ایسی صورت میں کریں جب کہ آپ بالکل حق پر ہوں اور ناجائز اس قسم کے عملیات کبھی بھی نہ کریں۔ اس سے اللہ ناراض ہوتا ہے۔ جس شخص کے پاس یہ نقش ہوگا۔ اس پر کبھی غیر انسانی مخلوق مسلط نہیں ہوگی اور یہ تمام آفات و امراض سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ۔

اگر کسی کا بچہ دودھ نہ پیتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں اللہ کے حکم سے دودھ کی طلب کرے گا اور صحت مند ہوگا۔ جو اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا وہ کسی رنج و غم میں مبتلا نہیں ہوگا۔ جو اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا اسے کبھی بھی بدخوابی نہیں ہوگی اور وہ خواب میں کبھی نہیں ڈرے گا۔ اگر کسی کا خاوند کسی رنڈی کے پاس جاتا ہو تو وہ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اس پر اپنے شوہر کا نام لکھ کر اپنے الٹے بازو پر باندھے اللہ کے فضل سے وہ اپنی تمام بری حرکات سے باز آئے گا۔ انشاء اللہ اس کے علاوہ آپ اپنے کبھی بھی نیک مقصد کی خاطر اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں اللہ کے فضل سے آپ کو کبھی بھی ناکامی نہیں ہوگی۔ انشاء اللہ۔

## سورۃ اخلاص کا دم شدہ تیل

سب سے پہلے کسی پاک وصاف برتن میں سرسوں کا حسب مقدار تیل لیں اور اس تیل پر مقررہ وقت پر 7 دنوں تک روزانہ 500 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اس تیل پر دم کریں۔



## ہر قسم کے درد کے لئے

اور بعد میں اپنی دردوں والی جگہ پر اس تیل کو روئی کی مدد سے لگا کر اچھی طرح متاثرہ حصے کی مالش کرے۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہر قسم کے دردوں سے نجات ہوگی۔

## درد شقیقہ کے لئے

اگر سر میں ہر وقت درد رہتا ہو۔ یا درد شقیقہ ہو تو بھی اس تیل کو اپنی کلمے والی انگلی سے اپنی کنپٹی پر لگا کر اچھی طرح سے اپنی کنپٹیوں کو ملیں۔ اللہ کے فضل سے ہمیشہ کے لئے سر درد سے نجات کامل ہوگی۔

## ام الصبیان کے لئے

اگر کسی بچے کو سوکھے کا مرض ہو۔ تو اس تیل میں سے روئی بھگو کر اس تیل سے بچے کے پورے جسم پر اس کی مالش کریں بچہ سوکھے سے ہمیشہ کے لئے محفوظ ہوگا۔

## پھوڑے پھنسی کے لئے

اگر کسی کے جسم پر چہرے یا سر میں پھوڑے اور پھنسیاں ہوں۔ تو وہ بھی اس تیل کی متاثرہ حصے پر مالش کریں۔ پھوڑے و پھنسیوں سے مکمل نجات ہوگی۔

## مشکل کشائی کے لئے

بڑی سے بڑی مشکل کے حل کے لئے اسی تیل کو کسی بزرگ کے مزار پر ان کے

چراغوں میں ڈال کر جلائے اللہ کے حکم سے کسی کی جو بھی جائز حاجت ہوگی وہ چند دنوں میں پوری ہوگی اور اگر کوئی مشکل یا مصیبت کے وقت بھی اسی عمل کو کرے تو بحکم خدا اسی روز اسی بزرگ کے فیض سے فیض یاب ہوگا۔

## آسیب و جادو کے توڑ کے لئے

بڑے سے بڑے جادو و ٹونہ کے خاتمے کے لئے بالکل سفید کاغذ کو اسی تیل میں بھگو دیں اور جب تیل اس کاغذ کے اندر اچھی طرح جذب ہو جائے تو اسے خشک ہونے پر اس نقش کو لکھ کر اپنے اوپر سے سات مرتبہ وار کر اس کو جلا کر اس کی دھونی لے۔ یا اس کو چراغ میں جلا کر اس کے سامنے بیٹھ کر نقش کو جلتا ہوا دیکھے۔ اللہ کے حکم سے بڑے سے بڑا جادو ٹونہ، جن، آسیب اور ہر غیر انسانی مخلوق کا کراماتی طور پر خاتمہ ہوگا۔

## شیطانی اثرات سے بچنے کے لئے

گھر میں خون کے چھینٹے پڑنے پر اسی تیل کو خون والی جگہ پر روئی سے لگا دیں۔ ہر طرح کے بد اثرات کا خاتمہ ہوگا اور جس مقصد کے لئے خون کے چھینٹے پڑوائے گئے ہوں گے ان کا اثر باطل ہوگا اور شیطان اپنے مقصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا۔

## پاگل پن کے دوروں کے لئے

پاگل پن کے دوروں کے خاتمے کے لئے اس تیل کو مریض کے سر پر لگا کر خوب اچھی طرح مالش کریں اور مالش کرتے وقت سورۃ اخلاص کا مسلسل ورد جاری رکھے۔



## نکسیر کے لئے

نکسیر کو بند کرنے کے لئے اس تیل کو شہادت والی انگلی سے ناک کے اوپر لگا کر اس کی مالش کریں۔ اللہ کے فضل سے اسی وقت نکسیر بند ہوگی۔

## گلے کے امراض کے لئے

گلے کے تمام امراض میں اس تیل کو گردن کے متاثرہ حصے پر لگا کر اچھی طرح مالش کریں۔

## درد ناف کے لئے

شکم میں درد ناف کے خاتمے کے لئے اس تیل کو پیٹ پر روئی کی مدد سے لگا کر اچھی طرح سے پیٹ کی مالش کریں۔ ہر طرح کے دردوں و ناف کا خاتمہ ہوگا۔

## درد کمر کے لئے

خاص کمر درد کے لئے اگر کسی کو بار بار کمر میں درد کی شکایت رہتی ہو تو اسی تیل کو کمر پر مل کر اچھی طرح سے اس کی مالش کریں۔ کمر درد سے نجات ہوگی۔

## حفاظت حمل کے لئے

حاملہ کے لئے اگر حمل بار بار ساقط ہو جاتا ہو تو اس کو حاملہ اپنی شہادت کی انگلی سے اپنے پیٹ پر مل کر اس کی اپنے پیٹ پر مالش کرے۔ اس کی برکت سے حمل ساقط

نہیں ہوگا۔

## قوت حافظہ کے لئے

کشادگی ذہن کے لئے اس تیل کو اپنے سر پر لگا کر خوب اچھی طرح سے مالش کریں۔ اللہ کے فضل سے جو پڑھے گا وہ یاد ہوگا اور حافظہ پہلے سے کہیں زیادہ تیز ہوگا۔

## بدنظری کے خاتمے کے لئے

بدنظری کے خاتمے کے لئے اس تیل کو روئی پر لگا کر اس کو مریض اپنے اوپر سے سات مرتبہ وار کر خود جلا کر اس کی دھونی لے۔ بدنظری کا مکمل خاتمہ ہوگا۔

## چیچک کے خاتمے کے لئے

چیچک کے خاتمے کے لئے اس تیل کو متاثرہ حصے پر لگا کر اس کی مالش کریں۔

## ہر قسم کے بخار کے لئے

بخار تپ ولرزہ کے لئے روئی کو اس تیل میں بھگو کر مریض کے کانوں میں لگائیں۔ ہر طرح کا بخار اسی وقت اتر جائے گا اور مسلسل استعمال کرنے پر ہمیشہ کے لئے ایسے کرنے سے تمام بخاروں سے محفوظ ہوں گے۔ اس کے علاوہ آپ اس تیل کو اپنے ہر نیک مقصد کی خاطر اور بیماری کے خاتمے کی نیت سے استعمال کرسکتے ہیں۔ اگر کوئی فرد جان بوجھ کر اس کو ناجائز طور پر استعمال کرے گا اور اس کی بے ادبی اور بے حرمتی کرے گا تو اپنے نفع ونقصان کا خود ذمہ دار ہوگا اور اللہ کے عذاب کا مستحق بنے گا



اور مصنف عذاب دینے والی تمام علامتوں سے بری الذمہ ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ عمل میری کسی اور کتاب میں بھی درج ہو لیکن اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ جو عمل سرسوں کے تیل کا اس کتاب میں درج ہوگا اور اس کے جو بھی اثرات ہوں گے وہ دیکھنے کے اعتبار سے ایک ہی لگتے ہوں گے لیکن اثر وتاثیر کے لحاظ سے ان میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔

## زیارت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے

اگر کسی کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنے کا سچا عشق ہو تو اپنی زندگی کو ایسے گزاریں جیسے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی گزاری ہے۔ پھر روزانہ رات کو تاحصول مقصد چراغ جلا کر پاک وصاف مقام پر سورۃ اخلاص شریف کو اتنی دیر تک پڑھیں۔ جب تک پڑھنے میں مزا اور سرور آرہا ہو اور پڑھتے پڑھتے نیند غالب آنے لگے۔ جب ایسا سماں بن جائے تو چراغ کو بجھائے بغیر اسی جگہ سو جائیں۔ اللہ کے حکم اور سورۃ اخلاص شریف کی برکت سے چند دنوں میں زیارت سے مشرف ہوں گے لیکن اس عمل کا کسی سے ذکر نہ کریں اور ہر حالت اور ہر وقت زیادہ سے زیادہ پاک اور باوضو رہیں۔ اپنے آپ کو ناپاک ہرگز مت کریں ورنہ الٹا نقصان ہوگا۔

## مردے کو خواب میں دیکھنے کے لئے

اگر کسی کا کوئی عزیز یا رشتہ دار مرچکا ہو اور اسے دیکھنا ہو کہ کس حال میں ہے تو اس مردے کا حال تصور میں رکھ کر بعد نماز عشا چار رکعت پڑھیں اور ہر رکعت میں بعد

سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص شریف کو گیارہ مرتبہ پڑھے اسی ترتیب سے چار رکعت پڑھ کر پاک بستر پر سوتے ہوئے ان الفاظ کو دہراتا ہوا سو جائے اللہ کے حکم سے اس مردے کو خواب میں دیکھے گا اور اس کے ساتھ جو بھی سلوک ہوتا ہوگا وہ بھی اسے دکھایا جائے گا۔ اگر ایک دن پڑھنے سے کوئی افاقہ نہ ہو تو اسے اتنے دنوں تک کرے جب تک مقصد حاصل نہ ہو جائے۔ سوتے وقت پڑھنے والے کلمات (اللھم ارنی فلان بن فلان علی الحالۃ التی ھو علیھا ) مردے کا نام مع والدہ ضرور لے اور مقصد کا مکمل تصور ضرور رکھے۔ اگر اسی استخارے کو کوئی پکا کر لے تو کسی بھی کام کی خاطر معلوم کرنے اور کوئی بھی حقیقت دیکھنے کے لئے اسی طرح اس استخارے کو کرے۔

## حاضری جنات کے لئے

اگر کسی کو جنات سے ملاقات اور ان سے رابطہ کرنے کا شوق ہو تو وہ پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے پاک و صاف جگہ کا انتخاب کریں اور اپنے لباس کو بھی بالکل پاک و صاف رکھیں اور لوبان کو سلگائیں پھر اکیس یا اکتالیس دنوں تک اس عمل کو چلے کی شکل میں کریں۔ مخلوق جنات ان کے پاس حاضر ہو گی لیکن ان سے ہرگز مت ڈریں ورنہ یہ آپ کو نقصان کر دیں گے۔ اس لئے جو طریقہ پہلے حصار لگانے کا بتایا گیا ہے۔ اس طریقے کے مطابق اپنی حصار کو لگائیں پھر اسی عمل کو کریں۔ روزانہ رات کو بعد نماز عشاء مصلیٰ پر بیٹھ کر سورۃ اخلاص شریف کو (1000) کی تعداد میں پڑھیں اور مقصد و نیت کا پورا لحاظ رکھیں اگر دنوں کی تعداد اکیس ہو گی تو اکیس دنوں سے پہلے یہ حاضر ہوں گے اور صاحب ورد کو اپنے بلانے کا مقصد دریافت کریں گے۔ اس لئے آپ ان کو اپنا مقصد بتائیں۔ اگر ان کے بس میں آپ کا مقصد ہو گا تو یہ ضرور



پورا کریں گے اور رخصت ہو جائیں گے اور اگر ان کو دوبارہ بلانا مقصود ہو تو ان سے دوبارہ آنے کا بھی طریقہ خود دریافت کر لیں۔

## استخارہ کے لئے

اگر کسی بھی بات کے متعلق استخارہ کے ذریعے معلوم کرنا ہو تو اس تکسیر کو زعفران سے لکھ کر رکھ لے اور اس پر گاہے بگاہے سورۃ اخلاص کو اسی مقصد کی خاطر روزانہ (110) کی مقدار میں پڑھ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیا کرے اس عمل کو کم از کم 21 دنوں تک کرے اور بوقت ضرور کسی بھی بات کے متعلق پتہ لگانے کے لئے باوضو حالت میں اس تکسیر کو قرآن مجید میں رکھ کر اپنی آنکھوں کو بند کر کے اس بات کے متعلق پورا تصور باندھے تو کچھ ہی دیر بعد کسی طریقے سے اس بات کے متعلق صحیح طور پر آگاہ کیا جائے گا۔ پھر اس بات پر عمل کرے اللہ کے حکم سے اس بات کے متعلق ذرا بھی شک نہیں ہو گا اور عمل کرنے پر صحیح پائے گا۔ انشاءاللہ۔

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قل | هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | له | کفوا | احد |
| احد | قل | کفوا | هو | له | الله | یکن | احد | ولم | الله | یولد | الصمد | ولم | لم | یلد |
| یلد | احد | لم | قل | ولم | کفوا | الصمد | هو | یولد | له | الله | الله | ولم | یکن | احد |
| احد | یلد | یکن | احد | ولم | لم | الله | قل | الله | ولم | له | کفوا | یولد | الصمد | هو |
| هو | احد | الله | الصمد | یولد | یکن | کفوا | احد | له | ولم | ولم | لم | الله | الله | قل |
| قل | هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | له | کفوا | احد |

## استخارہ کے لئے

اس عمل کو کرنے کے لئے پرہیز جلالی و جمالی کرنا ہوگا اور روزانہ رات کو بعد نماز عشاء اسی سورۃ شریف کو گیارہ مرتبہ پڑھیں اور اس نقش کو ایک عدد دن کے حساب سے لکھتے جائیں اور رات کو سونے سے پہلے اپنے سرہانے رکھ کر سو جائیں یہ عمل کل پندرہ دنوں پر مشتمل ہوگا۔ پھر جس بات کا بھی پتہ لگانا ہوگا تو اس نقش کو اپنے سرہانے رکھ کر وقتی طور پر اپنی آنکھیں بند کرلیں جو کسی کے حق میں اچھا ہوگا وہ نظر آجائے گا۔ لیکن اس عمل کا ذکر کسی دوسرے سے نہ کریں۔

## روحانی ترقی کے لئے

اگر کسی نے سورۃ اخلاص شریف کے توسل سے اپنے اندر کراماتی طاقت پیدا کرنی ہو تو پرہیز جلالی و جمالی کرے اور اس کو مکمل طور پر سیکھنے کے لئے استاد محترم، ڈاکٹر فرقان سرمد صاحب سے رجوع کریں پھر سورۃ اخلاص شریف کو روانہ اکیس دنوں تک 500 کی تعداد کے مطابق پڑھیں۔ اللہ کے حکم سے ان کی زبان کے اندر وہ تاثیر پیدا ہوگی کہ جیسے مومن کی زبان کو سیف (تلوار) کا خطاب دیا گیا ہے۔ اس تمام عمل میں خاص طور پر جنتی اعمال پر اپنا قابو رکھیں اور اچھے سے اچھے کام کر کے خلق اللہ کے کام آئیں۔ اس سے رحمت الٰہی جوش مارتی ہے۔

## روحانی ترقی کے لئے

اگر کسی کو بھی سورۃ اخلاص شریف کے کرنے کا شوق ہو تو وہ اس اصول پر عمل



کرنے کے لئے استاد محترم ڈاکٹر فرقان سرمد سے رجوع کریں اور اس فن کو باقاعدگی سے سیکھتے ہوئے کسی غیر آباد جگہ پر سورۃ کو روزانہ بعد نماز عشاء سے پڑھنا شروع کرے اور اکتالیس دنوں تک اس کو سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے باقی معلومات ڈاکٹر فرقان سرمد صاحب سے معلوم ہو جائے گی۔

## روحانی ترقی کے لئے

اس عمل میں ماہر بننے کے لئے روزانہ رات کو بعد نماز عشاء سورۃ اخلاص شریف کو کامل پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ پڑھئے۔ اس سے روحانی درجات میں بلندی ہوگی۔

## روحانی ترقی کے لئے

اگر کوئی بھی فن عملیات میں اس قدر ترقی کرنا چاہتا ہو جس سے یہ اپنے اور دوسروں کے کام آسکے اور کوئی بھی روحانیت میں اس کا ثانی نہ بنے تو اس مقصد کے حصول کے لئے ماہر بننے کے لئے روزانہ رات کو بعد نماز عشاء مکمل تنہائی میں سورۃ اخلاص شریف کو کامل پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور وہ تمام کام کرے جن کے کرنے کا اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے اللہ کے حکم سے اس کے روحانی درجات میں بلندی ہوگی۔

## قبولیت دعا کے لئے

جس کسی کو اللہ و رسول کی سچی لگن ہو اور وہ اللہ کی عبادت کرنے میں زیادہ سے

زیادہ اللہ کی رحمت کا طالب ہو تو روزانہ بعد نماز عشاء وہیں مصلے پر بیٹھ کر اپنی آنکھیں بند کر کے دل کی طرف توجہ کر کے آہستہ اور ٹھہر ٹھہر کے سورۃ اخلاص شریف کو قرأت کے انداز میں بلا تعداد پڑھے اور اس عمل میں دنوں کی تعداد مت رکھے بلکہ اس عمل کو اپنے مقصد کی خاطر کھلا ہی پڑھے اللہ کے فضل سے ان کو اس عمل کی بدولت روحانیت زیادہ خاص انداز میں فراہم ہوگی اور یہ مستجاب الدعا ہوں گے۔ یعنی ان کی دعا اور بددعا دونوں ہی کامل اثر رکھتے ہوئے کسی بھی انسان پر آسانی سے گزر جائے گی۔ اس لئے اس عمل کو کرتے ہوئے یا بعد عمل کے کسی کو کچھ بھی کہنے سے پہلے اچھی طرح سوچ سمجھ لیں۔ کہیں ایسی بات منہ سے نہ نکل جائے جو وبال کا باعث بنے۔

## قبولیت دعا کے لئے

اگر کسی نے اللہ کا مقرب بننا ہو اور اللہ کے نزدیک ہونے کی خواہش ہو تو سورۃ اخاص شریف کو زیادہ سے زیادہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے اس مقصد کی خصوصی دعا کریں۔ اللہ اپنی رحمت ضرور فرمائیں گے اور اس فرد پر اللہ کا فضل وکرم ضرور ہوگا۔

## گناہوں کی بخشش کے لئے

اور بعض خواص اس سورۃ سے یہ ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ عیہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو گیارہ مرتبہ مقابر میں پڑھے اور اس کا ثواب مردوں کو بخش دے تو اسے اجر بہ عدد مردوں کے ملے گا۔ (مجربات دیربی)



## تسخیر حاکم کے لئے

کسی طریقہ سے مدینے کا خالص سرمہ حاصل کرے اور اس پر ایک ہی نشست میں جس کو تسخیر کرنا ہے اس کے نام کے اعداد کے مطابق اس سرمے پر دم کرے اور جب اس سے ملاقات کرنی ہو اس سرمہ کو اپنی آنکھوں میں لگا کر جائے اس کو دیکھتے ہی جس کے لئے یہ عمل کیا جارہا ہے وہ اطاعت قبول کرے گا اور اپنی زبان اس فرد کے حق میں بند رکھے گا جو بھی یہ عمل کرے گا۔ انشاء اللہ۔

## تسخیر حاکم کے لئے

اس زبردست عمل کی تاثیر سے آپ ایک وقت میں دو مقاصد میں بروقت کامیاب ہو سکتے ہیں۔ (1) حاکم کو تسخیر کرنے کے لئے۔ اس سلسلے میں اگر کسی فرد پر کسی نے جھوٹا مقدمہ بنادیا ہو اور تمام فیصلہ حاکم کے ہاتھ میں ہو اور حاکم کو اس کی اصلاح کی خاطر (سورۃ اخلاص شریف) کو انگلی سے پیشانی پر بائیں جانب 20 مرتبہ لکھیں اور حاکم کے سامنے پیش ہوں۔ یا حاکم کے سامنے ہی اس عمل کو کرلیں۔ اللہ کے فضل سے حاکم کا دل نرم ہوگا اور وہ ان سے جائز سلوک کرے گا اور اگر کسی کا محبوب صحیح رجوع نہ کرتا ہو یا ہر وقت ناراض رہتا ہو تو اسی عمل کو ایک خاص وقت مقررہ پر کر کے محبوب کے سامنے جائیں اور فاصلہ طے کرتے ہوئے بار بار اس عمل کو دہراتے رہیں اللہ کے فضل سے ان کی جائز محبت کامیاب ہوگی۔ اس پورے عمل میں کسی سے کسی بھی قسم کی کوئی بات نہ کی جائے۔ اگر ان کو کوئی بلانے کی کوشش بھی کرے تو صرف اشارے میں اس کو جواب دیں۔ اپنے منہ سے کوئی الفاظ ادا نہ کریں۔ ورنہ عمل میں

نقص کا احتمال ہوگا۔

## تسخیر خلق کے لئے

ہر شخص اور ہر عورت کے دل پر حکومت کرنے کے لئے، کسی کے پاس کوئی ایسا پیغام بھجوانے کے لئے، جس میں کوئی انکاری کی صورت نہ بنے، شادی میں سو فیصد کامیابی کے لئے ملازمت حاصل کرنے کے لئے اور ملازمت کے بعد اپنے افسران سے اچھے سلوک کی توقع رکھنے کے لئے، کسی بھی ناراض فرد کو راضی کرنے کے لئے، سورۃ اخلاص شریف کا عمل اس طرح کرے۔ اوپر تمام مذکورہ مقاصد کی ضرور تکمیل ہوگی۔ عمل کو نوچندی جمعرات والے دن شروع کریں اور روزہ رکھیں روزے کی سحری اور افطاری چھوارے یا کشمش سے کریں۔ یعنی سحری کے وقت ان اشیا کو حسب مقدار کھائیں اور افطاری کے وقت بھی حسب مقدار ان کو استعمال کریں۔ پانی سادہ استعمال کریں اور کسی بھی قسم کی کوئی کھانے والی چیز نہ کھائیں اور رات کو بعد نماز عشاء سورۃ اخلاص کو 500 مرتبہ پڑھیں اور اگر اس عمل کو کرنے کے دوران ان کو نیند آجائے تو اپنی مقررہ تعداد کو پورا کرنے کے بعد سوئیں اگلا دن جمعہ کا ہوگا۔ جمعے کے دن روزہ نہیں رکھنا ہوگا۔ بس جمعے کی نماز باجماعت ادا کر کے گھر آ کر عمل والی جگہ پر اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھ لیں۔ یا تعویذ کی شکل میں بند کروا کر اسے گلے میں پہنیں جب تک یہ نقش ان کے پاس رہے گا، لوگوں کے دل ان کے قابو میں رہیں گے لیکن اس عمل کو کبھی بھی غلط استعمال نہ کریں اور اس عمل میں ہمیشہ اثر رکھنے کے لئے ہر مہینے کی نوچندی جمعرات کو روزہ رکھ کر عمل اور جمع کے بعد نیا نقش لکھنا ہوگا اور پرانا نقش کسی بھی ضرورت مند کو دے دیں یا دریا میں بہا دیں اور نیا نقش لکھا ہوا



اپنے پاس رکھیں اللہ کے فضل سے استعمال کی طاقت یہ خود آزمائیں گے کہ ان پر اللہ کی رحمت ہمیشہ ہی رہے گی اور دوسرے افراد ان کی عزت کرتے ہیں اور ان کا ہر کام کسی نہ کسی طریقے سے ہو جایا کرے گا۔ بس برے کاموں سے باز رہیں اس عمل میں یہی ایک خاص پرہیز ہے اور کسی دوسرے سے اس عمل کا ذکر نہ کریں۔

## تسخیر کے لئے

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو ان نقوش کو بکرے کے تازہ خون سے لکھ کر جس کو مسخر کرنا ہو اس کا نام معہ والدہ لکھ کر اپنا مقصد بھی لکھے اور انہیں آٹا اور شہد کو آپس میں ملا کر گوندھے اور ان کی چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر اس میں ان نقوش کو دونوں کی ترتیب سے ڈال کر ایسی جگہ پھینکے جہاں مچھلیاں ہوں اور ان نقوش کو کھالیں اس عمل کو کم از کم گیارہ دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے جس کو بھی مسخر کرنے کی خاطر اس عمل کو کیا جائے گا وہ کبھی بھی اس تسخیر سے باہر نہیں جا سکے گا۔ انشاء اللہ۔

## عزت و مرتبہ کے لئے

اگر کسی مرد وعورت کی دوسرے عزت نہ کرتے ہوں اور بلاوجہ ان کو غلط جملے کہہ کر ان کا دل دکھاتے ہوں تو یہ اپنے اس مقصد کی خاطر اگر مرد ہو تو اس نقش کی تیاری کے لئے بروز اتوار مشک و زعفران سے سیاہی بنا کر اور لکھنے والی قلم اور کاغذ کو اپنے ساتھ دریا پر لے جائے اور اس نقش کو لکھنے سے پہلے سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر دریا میں ناف کے مقام تک کھڑا ہو کر سورۃ اخلاص شریف کو (100) مرتبہ پڑھے اور اپنے اس مقصد کا مکمل تصور رکھے۔ پھر سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر باہر آئے اور اس بنائی

ہوئی سیاہی سے نقش کو کاغذ پر تحریر کرے اور اس کو چاندی کے پترے میں رکھ کر تعویذ کی شکل میں اپنے گلے میں پہن لے اور اپنی عزت نہ کرنے والے افراد سے اپنا سلوک خود دیکھ لیں اور اگر اس عمل کی طالب کوئی خاتون ہو تو وہ بھی نقش کی تیاری کا سامان گھر سے بنا کر دریا پر لے جائے لیکن دریا کے اندر نہ اترے۔ بلکہ وہیں کنارے پر بیٹھ کر 100 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھے اور نقش کو تحریر کے بتائے گئے طریقے کار کے مطابق استعمال کرے اور اپنے مخصوص ایام میں اس عمل کو نہ کریں اور نہ ہی ناپاک ہاتھوں سے اس کو چھوئیں گے اللہ کے فضل اور احسان سے یہ دوسرے تمام افراد کی نظروں میں صاحب قدر ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

## عزت و مرتبہ کے لئے

اگر کسی کو اپنی عزت اور زیادہ کروانے کا شوق ہو یا کوئی کسی کی عزت نہ کرتا ہو اور اسے اس بات کی کمی محسوس ہوتی ہو کہ اس کی ہر کوئی عزت کرے تو اس نقش کو زعفران سے طلوع آفتاب کے وقت لکھ کر اگر مرد ہو تو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اگر کوئی خاتون ہو تو اپنے الٹے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے اس کو دیکھنے والا اس کی دل و جان سے عزت کرے گا۔ انشاء اللہ۔

## حاجت روائی کے لئے

اگر کسی کو بھی ایسی ضرورت پیش آ گئی ہو جس سے اس کے اپنے غیر بن جائیں تو اللہ کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑے اور ہر فرض نماز کے بعد فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص شریف کو پندرہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے اللہ کے حکم سے ان کو کبھی بھی زندگی میں



ایسی ضرورت نہیں رہے گی جو پوری نہ ہو اس کے ساتھ ہی اگر موقع مل جائے تو سورۃ کو زعفران سے لکھ کر اپنے روپوں والی جگہ پر رکھے اس کی جیب کبھی بھی نوٹوں سے خالی نہیں رہے گی اور اسی کو اگر اپنے گھر میں لگائے تو اس کا گھر ہمیشہ بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ کسی بیمار کو سورۃ شریف لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی پلائے تو چند دنوں کے اندر مکمل صحت یاب ہوگا اور دفع بدنظر کے لئے اسے لکھ کر گلے میں پہنے تو اس پر بدنظری کا اثر نہیں ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## حاجت روائی کے لئے

اگر کسی کی کوئی جائز حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو وہ سفید کاغذ پر کالی روشنائی سے سورۃ اخلاص شریف پوری سات مرتبہ لکھے اور اس کے پیچھے اپنا مختصر مقصد لکھے اور اسے چلتے پانی میں بہا دیا کرے۔ اللہ کے حکم سے ان کی ہر جائز حاجت پوری ہوگی۔ انشاء اللہ۔

## ہر کھیل میں کامیابی کے لئے

اگر کسی کی کسی کھیل میں دلچسپی ہو اور اس میں ہر مرتبہ ناکامی رہتی ہو تو ان نقوش کو زعفران سے دنوں کی تعداد کے مطابق لکھیں اور اسے آٹے میں لپیٹ کر دریا یا تالاب میں ایسی جگہ ڈالیں جہاں مچھلیاں ہوں اور اس عمل کو بیس دنوں تک جاری رکھیں اور پندرہ نقوش کو روزانہ ہی زعفران سے لکھیں اور آخری دن بیس نقوش میں سے انیس دریا میں ڈال دیں اور آخری نقش کو اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔ اللہ کے حکم سے اس کامل عمل کی بدولت ان کی کبھی کسی کھیل میں ہار نہیں ہوگی۔ انشاء اللہ۔

## ہر پریشانی کے لئے

اگر کوئی شخص کسی ایسی بیماری، مشکل یا مصیبت میں ایسا گھر جائے جس میں سے ان کے عزیز اور رشتہ دار بھی ان سے منہ موڑ چکے ہوں تو یہ اپنی ہر مصیبت کو ختم کرنے اور اللہ کی خاص رحمت اپنے اوپر برسوانے کے لئے بعد نماز عشاء قبلہ رو بیٹھا رہے اور سورۃ اخلاص شریف کو ایک سو کی تعداد میں پڑھے پھر دو رکعت نفل نماز پڑھے اور ہر رکعت کے بعد سورۃ اخلاص کو 50 مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو گیارہ روز تک کرے اور نقش کو بھی زعفران سے اسی جگہ پر بیٹھ کر لکھے اور اس کو آخری روز لکھے اور اگر مرد ہو تو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اگر عورت ہو تو اس نقش کو اپنے الٹے بازو پر باندھے۔ اللہ ان پر اپنی رحمت برسائے گا اور یہ عمل ان کی ہر مشکل اور حاجت کے وقت کام آئے گا۔ اس لئے اس عمل کا ذکر بھی کسی سے نہ کریں۔

## مقدمہ میں کامیابی کے لئے

اگر کسی پر کسی مخالف افراد نے جھوٹا مقدمہ بنوا دیا ہو اور ناجائز پریشان کرتا ہو تو بروز جمعرات کو اس شخص کا مکمل تصور باندھ کر سورۃ اخلاص شریف کا ورد شروع کر دے اور تصور میں ہی اس کے منہ پر غصہ و جلال میں پھونک مارے اور زبان سے کہے کہ میں نے اس کلام کے ذریعے تجھے مغلوب کیا اللہ کے حکم سے دشمن اپنی شرارتوں کو ترک کرنے کے علاوہ اس فرد سے عزت سے پیش آئے گا۔ انشاء اللہ۔



## مقدمہ میں کامیابی کے لئے

اگر کسی کا کوئی زبردست مقدمہ چل رہا ہو تو وہ ان نقوش کی مدد سے اللہ کی طرف مائل ہو اور ان نقوش کو روزانہ ایک بڑے سے سفید کاغذ پر کچی پنسل سے لکھے اور آٹے میں بند کر کے گولی بنا کر اس کو جہاں مچھلیاں ہوں وہاں ڈالے اللہ کے فضل سے عمل کرنے والا ہی مقدمہ جیتے گا۔ پہلے دن ان نقوش کو دو مرتبہ سفید کاغذ پر لکھنا ہوگا اور اسے اپنے گلے میں اپنا نام اور مقصد لکھ کر باندھیں اور پانی میں ڈالنے والے نقوش کو روزانہ مقصد کے حصول تک جاری رکھے اس عمل کا اثر پندرہ دنوں کے اندر ظاہر ہوگا۔ انشاءاللہ۔

## قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی بے گناہ قید ہو گیا ہو اور اس کی رہائی کا کوئی بھی وسیلہ نہ بن رہا ہو تو اس عمل کو اوپر مذکورہ طریقے کے مطابق عمل میں لائیں اللہ کے حکم سے قید سے رہائی ممکن ہو گی۔ انشاءاللہ۔

## قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی بے گناہ قید ہو گیا ہو تو وہ قیدی یا اس کا کوئی عزیز اس نقش کو صبح سورج طلوع ہوتے ساتھ ہی زعفران سے لکھے اور اس سورۃ کو اس پر 100 کی تعداد میں اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھے اور اس کے اندر بادام لپیٹ کر اس قیدی کو دے اور ہدایت کرے اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اس کے ساتھ ساتھ قیدی بھی اس

سورۃ کا بکثرت ورد کر کے اللہ سے دعا کرے اللہ کے حکم سے چند دنوں کے اندر رہا ہو گا۔انشاءاللہ۔

## ادائیگی قرض کے لئے

اگر کوئی شریف انسان قرض کی لعنت میں پھنس چکا ہو اور مخالفوں نے ان کا جینا دشوار کر دیا ہو تو سورۃ اخلاص شریف کو کسی جلیل القدر ولی کے مزار پر اتنی تعداد میں پڑھیں جب تک آپ پر غشی کی حالت طاری نہ ہو اور روزانہ اس بزرگ کے مزار پر جا کر اسی عمل کو کریں۔اللہ کے حکم سے ان کا قرضہ اترنے کا کوئی اچھا وسیلہ ضرور بنے گا۔اس عمل کو کرنے کے لئے خاص پرہیز ضرور رکھیں اور پاکی اپنانے کو اہمیت دیں۔

اگر کسی فرد نے کسی کا کوئی قرضہ دینا ہو اور اس کی ادائیگی کا کوئی وسیلہ نہ بن رہا ہو تو سورۃ اخلاص کو چالیس دنوں تک سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے اور اسی سورۃ کو کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے نلکی میں بند کر کے اسے موم سے بند کر دے اس عمل کو سات دنوں تک کرے اور چلتے دریا یا نہر میں بہائے اللہ کے حکم سے قرض کی ادائیگی کے غیب سے وسائل بنیں گے۔عمل کو کرتے ہوئے اپنے مقصد کا مکمل تصور رکھے۔اللہ کرم فرمائے گا۔انشاءاللہ۔

## گھر سے بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو اور اس کی کوئی بھی خبر نہ آتی ہو تو سورۃ اخلاص کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور جہاں سے وہ گیا ہے اسے وہاں پر لٹکائے اور نیچے اس کا نام مع والدہ ضرور لکھے اللہ کے حکم سے مفرور اگر فوت بھی ہو چکا ہو گا تو اس کی خبر



ضرور آجائے گی۔انشاءاللہ۔

## مفرور کی واپسی کے لئے

اگر کوئی مفرور ہو جائے اور کسی بھی طریقے سے واپس نہ آتا ہو تو اس نقش کو سرخ روشنائی سے لکھ کر اسے کسی قفل میں ڈال کر اوپر موم لگا کر اسے چلتے پانی میں بہائیں اللہ کے حکم سے مفرور واپس آئے گا اور اس دوران مفرور کا مکمل تصور باندھ کر سورۃ اخلاص کو بعد نماز عشاء 41 مرتبہ پڑھ کر تصور رکھ کر دم کیا کرے۔

## مفرور کی واپسی کے لئے

اگر کوئی کسی ایسی جگہ چلا گیا ہو جہاں سے اس کی واپسی ناممکن بن گئی ہو تو ان نقوش کو مذکورہ طریقے کے مطابق زرد رنگ سے لکھ کر اس کے پیچھے اپنا مقصد لکھ کر اس کو ہوا میں لٹکائیں اور ٹکڑوں پر علیحدہ علیحدہ دوبارہ دنوں کے حساب سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اپنے گھر میں اس پانی کا چھڑکاؤ کریں اور ہر نقش کے نیچے مفرور کا نام ضرور لکھیں۔اللہ کے فضل سے ان پندرہ دنوں کے اندر جہاں بھی ہو گا واپس ضرور آئے گا۔انشاءاللہ۔

## حفاظت کے لئے

اس نقش کو اگر کوئی بھی صبح طلوع آفتاب کے وقت زعفران سے لکھے اور اس پر سورۃ شریف کو بھی اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اس پر مسحور کن خوشبو لگا کر کندہ کروائے بغیر اگر مرد ہو تو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اگر عورت ہو تو اپنے

الٹے بازو پر باندھے تو اس کی اللہ کے حکم سے حفاظت ہوگی اور اس کو کوئی بھی انسانی اور غیر انسانی مخلوق اپنا نشانہ نہیں بنا سکے گی لیکن اس عمل کو کرنے والا روزانہ اس نقش کو اس طریقے سے بدلے کہ آج نقش کو سیدھے بازو پر پہنا ہے تو کل اسے الٹے بازو پر باندھے اور اس کو بدلنے سے پہلے اس پر وہی خوشبو لگائے جس کو پہلے روز لگایا گیا اللہ کے حکم سے ان کے مسائل خود بخود حل ہوں گے اور یہ تمام نقصان دہ اشیاء کے اثرات سے محفوظ ہوں گے۔ اس عمل کو بچوں کی مکمل حفاظت کے لئے بھی کیا جا سکتا ہے۔

## چوری سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کی بھاری مقدار میں چوری ہوگئی ہو اور ہر حال میں چور یا سامان کا پتہ لگانا ہو لیکن اس مسئلہ کا کوئی بھی وسیلہ نہ بنتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے اس وقت لکھے جب سورج طلوع ہو رہا ہو پر اپنے مقصد کا تصور باندھ کر اس پر سورۃ شریف کو پڑھ کر دم کرے اور اسے کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی جلیل القدر بزرگ کے مزار پر باندھ کر وہاں اسی سورۃ کو 100 کی تعداد میں پڑھے اور اپنے مقصد کو مکمل انداز میں بیان کرے اور ساتھ ہی سورۃ کا ورد کرے تو اللہ کے حکم سے اس عمل کی بدولت چور جہاں بھی ہوگا اس سے ایک قدم بھی آگے نہیں جا سکے گا اور گھبرا کر مال کو کسی نہ کسی طریقے سے وہاں پر رکھے گا جہاں سے اس نے اٹھایا ہے اگر ایسا نہیں ہوگا تو اس ایک چوری کے بدلے اس کو ایک سو چوریوں کا خمیازہ بھگتنا پڑیں گے اور یہ عمل اس کے لئے ایک نصیحت کا نشان بنے گا۔

## چوری سے حفاظت کے لئے

اگر اس تکسیر کو زعفران سے لکھ کر کسی بھی صندوق میں رکھا جائے تو اس صندوق



کی اشیاء کو کوئی بھی لوٹ نہیں سکے گا۔ اگر یہ کسی دکان پر لگایا جائے گا تو اس کا مال چوروں سے ہمیشہ محفوظ رہے گا غرض اس تکسیر کو اس نیت سے لکھ کر جہاں رکھا جائے گا لگایا جائے گا اللہ کی مدد سے چور اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکے گا۔ انشاء اللہ۔

## گھر والوں میں صلح کے لئے

اگر کسی کے گھر میں ماں باپ اور بہن بھائی آپس میں لڑتے اور جھگڑتے ہوں تو سورۃ اخلاص شریف کو چینی پر 100 مرتبہ پڑھ کر گھر کے تمام افراد اس چینی کو کھائیں۔ اللہ کے حکم سے ان کے گھر میں ایسا سکون پیدا ہوگا کہ دیکھنے والا رشک کرے گا۔ انشاء اللہ۔

## دو خاندانوں میں صلح کے لئے

اگر دو خاندانوں میں مسلسل لڑائی جھگڑا ہوتا ہو۔ ان کو روکنا اور ان کی اصلاح کرنا بہت ضروری ہو تو کچھ مقدار قبرستان کی مٹی کچھ چوراہے سے تھوڑی سی مٹی، ان دونوں کو آپس میں ملا کر اس پر 100 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر دم کریں اور دونوں گھروں میں کالے یا سفید کپڑے میں اس مٹی کو رکھ کر گانٹھ باندھ کر ایسی جگہ رکھیں جہاں جھاڑو نہ دیا جاتا ہو۔ اللہ کے فضل سے یہ دونوں خاندان آپس میں لڑائی جھگڑے سے پرہیز کریں گے یا اس نوبت تک پہنچ جائیں گے کہ ان کا لڑائی جھگڑا پر ذہن ہی نہیں جائے گا اور اگر ہو سکے تو اس نقش کو بھی زعفران سے لکھ کر اس کو دونوں خاندانوں میں تمام افراد کو کسی بھی کھانے پلانے والی شے میں کھلا پلا دیں۔ یہ نقش ان کو آپس میں محبت اور اتفاق سے رہنے میں مدد دے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

## حب کے لئے

اگر کوئی حب میں زیادتی پیدا کرنے کے لئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر صندل کے شربت میں گھول کر ان کو پلائے جن میں حب پیدا کرنی ہے تو اللہ کے حکم سے اس نقش کی بدولت ان میں ایسی حب پیدا ہوگی کہ دیکھنے والا رشک کرے گا۔ انشاءاللہ۔

## حب کے لئے

اس عمل کو اس صورت میں کرے جیسا کہ دو پیار کرنے والے سچا پیار کرتے ہوں اور آپس میں شادی کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں لیکن ان کے درمیان اتنی رکاوٹیں ہوں جو دور کرنے سے بھی دور نہ ہوتی ہوں تو یہ اپنے محبوب سے شادی کرنے اور اپنے درمیان حائل رکاوٹیں دور کرنے کے لئے ان نقوش کو سفید مرغ کے خون اور اس کے سیدھے پر سے لکھیں اور اس کے درمیان اپنے محبوب کا نام مع والدہ اور اپنا نام مع والدہ لکھ کر مختصر سا مقصد بھی لکھیں اور ان کو آٹے میں بند کر کے اسے دریا میں مچھلیوں کو ڈال دیں اس عمل کو اکیس دنوں تک کریں اور مکمل صبر کا مظاہرہ بھی کریں اللہ کے حکم سے اگر نصیب میں ان کی شادی ہوگی تو اس عمل مبارک سے رکاوٹیں ان کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گی۔ انشاءاللہ۔

## میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں اتفاق اور سلوک نہ ہو اور ان کی ناجائز گفتگو سے سارا گھر



پریشان ہو اور بچوں پر برا اثر پڑ رہا ہو تو ان دونوں میں سے جس کو سکون پسند ہو وہ ہر فرض نماز کے بعد سورۃ اخلاص شریف کو کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اسے کھلا دے ان کا آپس میں اتفاق ہوگا اور اگر ان دونوں میں سے کسی کو بھی اپنے اخلاق کے بدلنے کا شعور نہ آ رہا ہو تو ان کا کوئی عزیز ان کی خاطر کسی بزرگ کے مزار پر روزانہ گیارہ دنوں تک حاضری دے اور وہیں پر کسی میٹھی چیز پر سورۃ اخلاص شریف کی بتائی گئی تعداد کے مطابق پڑھ کر ان دونوں کو کھلائے اللہ کے حکم سے ان میں اتفاق ضرور ہوگا۔

## میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر کسی میاں بیوی کا آپس میں سلوک اور اتفاق نہ رہتا ہو تو کہیں سے ہرن کی جھلی لا کر اس پر نام مرد و عورت مع والدہ لکھ کر اس پر ان دونوں کے نام کے اعداد کے مطابق سورۃ اخلاص کو پڑھ کر دم کر کے اور عطر لگا کر اسے دونوں میں سے کسی کو دے اور وہ اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے دونوں میں ایک جس کے پاس یہ نقش ہوگا یہ دونوں آپس میں جدا جدا نہیں رہ سکتے بلکہ آپس میں مل کر رہیں گے۔

## میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی کی آپس میں کسی بھی طور بن نہ رہی ہو تو اگر میاں ہو تو اپنی بیوی کے نام کے اعداد کے مطابق سورۃ اخلاص پڑھے اور کسی میٹھی شے پر دم کر کے کھلائے اور اسی مقدار میں میٹھے پانی پر دم کر کے پلائے اور اگر بیوی ہو تو اپنے شوہر کے نام کے اعداد کے مطابق سورۃ اخلاص کو پڑھ کر اوپر مذکورہ مقاصد کی خاطر استعمال کرے اللہ کے حکم سے ان کا آپس میں اتفاق اور سلوک پیدا ہوگا۔ انشاءاللہ۔

## شوہر کی بدمزاجی اور آوارگی دور کرنے کے لئے

اگر کسی شریف بیوی کا میاں بدمزاج ہو اور اپنے جذبات کی بناء پر اپنی بیوی کو نئی نئی تکالیف میں روزانہ مبتلا کرتا ہو یا کسی بیوی کا شوہر آوارہ ہو اور اپنی بیوی سے کرنے والا شرعی عمل غیر عورتوں سے غیر شرعی طریقے سے کرتا ہو اور اس کا مکمل ثبوت فراہم ہو جائے تو اپنے گھر کو اور اپنے شوہر کی اصلاح کی خاطر تھوڑا سا نمک سانبھری لائیں اور اس پر بعد نماز عشاء یا فجر 500 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر دم کریں اور اپنے مقصد کا مکمل تصور رکھیں اور اس نمک پر دم کر کے اپنے شوہر کو کھانے پینے والی شے میں کھلا پلا دیں اور اس میں زیادہ اثر اور تیزی پیدا کرنے کے لئے گاہے بگاہے روزانہ بعد نماز عشاء یا فجر سورۃ اخلاص شریف کو 100 کی تعداد میں پڑھ پڑھ کر اسی نمک پر دم کرتی رہیں۔ اللہ کے حکم سے ان کا شوہر اپنی تمام عیاشیاں اور بدمزاجی ترک کر دے گا اور اپنی بیوی سے اچھا برتاؤ اور سلوک کرے گا اور اللہ کے حکم سے بعد اس عمل کے کوئی بھی کسی قسم کا لڑائی جھگڑا نہیں ہوگا۔ اس کے علاوہ ہر عمل میں جب تک خالص نیت اور اعتقاد نہیں ہوگا۔ عمل بے فائدہ اور بے اثر رہے گا۔ اس لئے ہر عمل سے پہلے اس کی مکمل نیت باندھیں اور اپنے اعتقاد کو کامل رکھیں۔

## شوہر کا ناجائز غصہ دور کرنے کے لئے

اگر کسی خاتون کا میاں فضول غصے میں رہتا ہو اور ناجائز طور پر اپنے غصے کا بہانہ کر کے طرح طرح کی اذیتیں دیتا ہو اور اس وجہ سے گھر کا سکون ختم ہو رہا ہو تو اپنے



شوہر کی اصلاح کرنے کے لئے بازار سے ایک گلاب کے پھولوں کا ہار لائیں یا کسی سے منگوائیں پھر اس پھولوں کے ہار پر کسی وقت مقررہ پر 70 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھیں اور اس کو پڑھنے سے پہلے اس ہار کو اپنے گلے میں پہنیں پھر اس پر سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر اسے پھر اپنے گلے میں پہنیں اور اس کو اپنے سونے والی جگہ پر رکھ دیں اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور اپنے شوہر کا نام ایسے قلم سے لکھیں جس میں سیاہی نہ ہو کیونکہ اس طرح نام واضح نہیں ہوگا اور اپنی نیت و تصور دونوں کامل رکھیں۔ اللہ کے حکم سے دن بدن ان کے شوہر کا غصہ کافور ہوگا اور پھر اپنے شوہر کے استعمال والی چینی پر گاہے بگاہے سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر دم کرتی رہیں اور اسے ہر کھانے و پینے والی شے میں ملا دیا کریں۔ اس عمل کی بدولت آپ کو جو حاصل ہوگا وہ آپ خود دیکھیں گی۔

## شوہر کی سرکشی دور کرنے کے لئے

اگر کسی شریف خاتون کا شوہر اس کے ساتھ اچھا سلوک نہ کرے اور اپنی بری باتوں سے اس کا دل دکھاتا ہو تو اس کی مکمل اصلاح کرنے کے لئے نمک کی سات کنکریاں لا کر ان پر علیحدہ علیحدہ ہر ایک پر سورۃ اخلاص کو 700 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور روز کی ایک آگ میں جلائے اس عمل کو سات دنوں تک کرے ان کو رات کو آگ پر رکھے اور صبح کسی حفاظتی مقام پر رکھے اور جب ساتوں جل جائیں تو ان کو کسی کالے کپڑے میں لپیٹ کر چلتے دریا یا نہر میں رکھ دے جیسے جیسے یہ پانی میں گھلے گی ویسے ہی شوہر کا غصہ دور ہوگا اور وہ اپنی شریک حیات سے اچھی زندگی بسر کرے گا۔

## مرد میں زنانہ پن ختم کرنے کے لئے

اگر کوئی مرد اپنے عزت وقار کو نہ سمجھے اور اس کی حرکت سے گھر والے پریشان رہتے ہوں تو ان نقوش کو زعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں باندھے اور جن نقوش کو پلایا جائے وہ سرخ روشنائی سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کو اس کی بے خبری میں پلاتے رہیں۔ اگر یہ نقش گلے میں نہ باندھے تو جس کاغذ پر ان نقوش کو لکھا ہو اس کے پچھلی طرف اس کا نام اور اپنا مقصد لکھ کر اس کو کسی جلیل القدر بزرگ کے مزار پر باندھ دیں۔ اللہ کے حکم سے یہ مرد زنانہ پن ختم کر کے دوبارہ اپنے وقار کو سمجھے گا۔ انشاء اللہ۔

## عورت کی مرد سے بے رغبتی ختم کرنے کے لئے

اگر کسی خاتون پر بذریعہ جادو ٹونہ یا ویسے گھریلو نظام کا شکار ہوتے ہوئے کسی کا دل شادی کرنے سے بجھ گیا ہو تو وہ خود اس عمل کو کرے یا اس کا کوئی رشتہ دار یا خیر خواہ اس کی خاطر عمل کرے کہ ایک عدد چھوٹی یا بڑی سرخ رنگ کی کنگھی پر روزانہ سات دنوں تک بعد نماز عشاء 100 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھیں اور دم کریں۔ وہ خاتون اس کنگھی کو اپنے سر پر گاہے بگاہے پھیرے اور سات دنوں تک اس عمل کو کرنے کے بعد اس کنگھی کو چلتے پانی میں بہائیں۔ اگر کوئی افاقہ نہ ہو تو مسلسل اس عمل کو جاری رکھیں۔ اللہ کے فضل سے ان کی رغبت مرد کی طرف ہوگی اور ان کا دل شادی کرنے کو کرے گا اور اگر اس عمل کو مرد نے کرنا ہو تو وہ بھی اسی طرح عمل کو کرے یا اس کے عزیز وغیرہ اس کی خاطر اس عمل کو کریں۔ اللہ کے فضل سے ان کا مقصد ضرور حل ہوگا۔



## دشمن مہربان ہو

اگر کسی فرد کا کوئی دشمن ہو اور اس سے پیار بھی ہو تو اس سے دوستی کرنے اور اس کو گزری ہوئی باتوں کو بھلانے کے لئے اس عمل کو اس طرح کرے کہ جہاں دشمن رہتا ہو کچھ الائچیوں کے دانے اور چینی کو ملا کر اس پر دشمن کے نام کے اعداد سورۃ اخلاص شریف کو پڑھ کر دم کرے اور سفید کپڑے میں لپیٹ کر اسے اس کے گھر میں رکھوائے اللہ کے حکم سے وہ جب بھی سامنے آئے گا اچھے سلوک کے ساتھ ملے اور گزری باتوں کو بھلا دے گا۔

اس عمل کو اور پختہ کرنے کے لئے اس کا تصور باندھ کر سورۃ کو پڑھ کر اس کے نام کے اعداد کے مطابق اس کی طرف پھونکے بھی مارے اگر سرکش ہوگا تو اس عمل سے زیر ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔

## دشمن پر فتح یابی کے لئے

اگر کسی دشمن کو نقصان پہنچانا مقصد نہ ہو بلکہ اس کے ساتھ رہ کر اس پر غلبہ حاصل کرنا ہو تو اس نقش کو اس دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق لکھے اور ان تمام کو دریا میں آٹے میں بند کر کے بہا آئے اور سب سے آخری نقش کو دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اس پر سورۃ شریف کو بھی 100 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور چاہے بازو پر باندھے یا گلے میں اللہ کے حکم سے جب تک یہ نقش اس کے پاس رہے گا اس کا غلبہ دشمن پر مسلط کرے گا۔ انشاء اللہ۔

## دشمن پر فتح یابی کے لئے

اگر کسی کینہ پرور دشمن نے معصوم انسانوں کا جینا حرام کردیا ہو اور وہ کسی بھی طریقہ سے اپنی حرکات سے باز نہ آتا ہو اور اس کو زیر کرنا اپنی عزت کو بچانے کے برابر ہو تو منگل والے دن کالی مرچیں ایک سو ایک کی تعداد میں لاکر ان پر دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق دشمن کا کامل تصور رکھ کر سورۃ اخلاص کو پڑھے اور کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی ویران کنوئیں میں ڈال دے اگر ایسا کنواں نہ ملے تو اسے چلتے پانی میں ڈال دے اللہ کے حکم سے دشمن مغلوب ہوگا اور اپنی شرارتوں سے باز رہے۔ انشاء اللہ۔

## دشمن کی بربادی کے لئے

اگر کسی دشمن نے اللہ کی عوام کو پریشان کردیا اور روز نئی نئی شرارتوں سے پریشان کرتا ہو تو اس کی مکمل روک تھام کے لئے منگل والے دن سورج کے طلوع ہوتے ساتھ ہی کبوتر کو ذبح کرے اور اس کے خون سے اس عمل کو لکھے اور اس پر اپنی نیت کا مکمل تصور باندھ کر سورۃ اخلاص کو دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اسے کسی پرانی دو قبروں کے درمیان دفنا دے اللہ کے حکم سے دشمن دن بدن ذلیل ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## دشمن کی بربادی کے لئے

اگر کسی دشمن کی شرارتیں، سازشیں اور نقصان پہنچانے کی کوششیں اس درجہ تک بڑھ جائیں کہ ناقابل برداشت ہوجائیں تو اتوار کے دن طلوع آفتاب کے بعد ایک سادہ کاغذ پر سورۃ اخلاص کو لکھے کاغذ کے ایک طرف سورۃ لکھے اور اس کے دوسری



طرف دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اس کاغذ کو سبز رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر ایسی جگہ لٹکائے جہاں وہ ہوا اور ہلتا رہے جیسے جیسے نقش حرکت کرے گا ویسے ہی دشمن اذیتوں میں مبتلا ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## دشمن کی بربادی کے لئے

اگر کسی دشمن نے صرف اپنی جھوٹی انا کو منوانے کے لئے دوسروں کو پریشان کیا ہو تو ایک ہزار دانے کالی مرچیں لاکر اس پر اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر سورۃ اخلاص کو **111** مرتبہ دم کرے اور اسے کسی تیز آگ میں جلادے دشمن اپنی بری حرکات سے باز رہے گا اور اس تکسیر کو زعفران سے لکھ کر اس کے پیچھے اپنا مقصد اور دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے دشمن اپنے کسی بھی برے ارادے میں کامیاب نہیں ہوسکے گا۔ انشاء اللہ۔

## دشمن کی بربادی کے لئے

اگر کسی شریف انسان کی کسی سے دشمنی ہوگئی اور یہ کوئی دشمن کے خلاف قدم نہ اٹھاتا ہو اور مخالف اس کو روز اذیت کا نشانہ بناتا ہو تو ایسی صورت میں اس نقش کو کسی بزرگ کے مزار کے پاس بیٹھ کر لکھے اور اس پر اپنے مخالف فرد کے نام کے اعداد کے مطابق سورۃ شریف کو پڑھ کر اس پر دم کرے اور اس میں تھوڑی سی چینی ڈال کر اس کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے جب تک یہ نقش اس کے پاس رہے گا اس کا دشمن کبھی بھی اس پر غالب نہیں ہوسکے گا اور اس کی کوئی بھی اذیت اس فرد پر اثر انداز نہیں ہوگی اس عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد سورۃ

شریف کو پڑھ کر اللہ سے دعا بھی ضرور کرے اللہ اس کو غلبہ عطا کرے گا۔ انشاء اللہ۔

## دشمن کو بھگانے کے لئے

اگر کوئی دین کا دشمن نئے نئے طریقوں سے کسی بھلے مانس فرد کو تکلیف دیتا ہو تو اس تکسیر کو کالی سیاہی سے لکھ کر اسے کالی مرچوں کو پیس کر اس پر سورۃ اخلاص کو دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور ان مرچوں کو اس تکسیر کے اندر رکھ کر مٹی کلیا میں رکھ کر اسے آگ پر رکھیں دشمن اللہ کے حکم سے اگر ناجائز حرکات کرتا ہوگا تو اس علاقے کو چھوڑ کر کہیں اور بھاگ جائے گا اور اگر جائز ہوگا تو اس عمل کا اثر اس پر ہرگز نہیں ہوگا۔

## دشمن کے شر سے بچنے کے لئے

اگر کسی کا دشمن اسے نئے و عجیب طریقوں سے اذیت کا نشانہ بناتا ہو تو اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر اس پر سورۃ اخلاص کو اپنے دشمن کا تصور باندھ کر 21 مرتبہ دم کرے اور اسے کسی بزرگ کے مزار پر دفن کردے اور نقش کے پیچھے اپنا مختصر سا مقصد اور نام دشمن مع والدہ ضرور لکھے۔

## دشمن کے شر سے بچنے کے لئے

اگر کسی کے بہت زیادہ مخالف ہوں اور وہ ان کا نقصان کرنے پر تلے ہوں تو یہ بلاتعداد سورۃ اخلاص شریف کو پڑھیں اور اللہ سے ان کے شر سے بچنے کی دعا کریں۔ اللہ کرم فرمائے گا۔



## دشمن کے شر سے بچنے کے لئے

اگر کسی پر اپنے دشمن کا غلبہ رہتا ہو اور اس کا کوئی حل نکلنے کے بجائے مغلوب پریشان رہتا ہو تو کسی وقت مقررہ پر کسی بھی نماز کے بعد سورۃ اخلاص کو 111 مرتبہ اپنے دشمن کا تصور باندھ کر پڑھے اور اس تکسیر کو بھی کاغذ پر درج کر کے رکھ لے اور اس پر اس دشمن کا نام لکھ کر اور اپنا مختصر سا مقصد بھی لکھ کر اسے قبرستان میں دو قبروں کے درمیان رکھ دیں دشمن اپنے شر سے کسی بھی بھلے مانس فرد کو پریشان نہیں کر سکے گا۔

## دشمن کی خواب بندی کے لئے

اگر کسی مخالف فرد کی خواب بندی کرنی ہو یعنی اس کو نیند نہ آئے اور یہ عمل بھی جائز ہو تو اپنے دشمن کا مکمل تصور باندھ کر اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھے اور ایک کالا دھاگہ لے کر اس پر ایک گرہ لگائے اور گرہ کو بند کرتے وقت اس پر سورۃ شریف کو سات مرتبہ پڑھے اس طرح کی کل سات گرہیں لگا کر اس کو بند کرے اس نقش کے اندر لپیٹ کر اسے وہاں دفن کرے جہاں دشمن سوتا ہو اللہ کے حکم سے اگر عمل جائز ہوا تو جب تک یہ نقش اس کے سرہانے دفن رہے گا اس کو نیند نہیں آئے گی۔

## دشمن کی خواب بندی کے لئے

اگر کسی دشمن کی خواب بندی کرنی ہو جس سے وہ ساری رات سو نہ سکے تو سورۃ اخلاص کو کالی سیاہی سے لکھ کر اس کے پیچھے اپنا مقصد اور جس کی خواب بندی کرنی ہو اس کا نام مع والدہ لکھ کر اسے کسی ایسے درخت پر باندھے جس پر کوئی پھل نہ لگتا ہو دونوں

کے اندراس کی خواب بندی ہوگی اوراس کی لاکھ کوشش کے باوجود بھی وہ سونہیں سکے گا۔ اس لئے اس عمل کوایسی جگہ کرے جہاں شریعت اجازت دے ورنہ گناہ گار ہوگا۔

## مکان خالی کروانے کے لئے

اگرکسی شریف آدمی کے گھر پر کسی نے ناجائز قبضہ کرلیا ہواور کسی بھی طور اپنا قبضہ نہ چھوڑتا ہواوراس کی ساری بنیاد جھوٹ اور دغا پرمبنی ہوتو اللہ کی رحمت پر یقین رکھتے ہوئے اس عمل کو کرے اللہ کے حکم سے اس عمل مبارک کی بدولت وہ ذلیل ہوکراس گھر سے نکلے گا اور طرح طرح کی اذیتوں میں گرفتار ہوگا۔ سورۃ اخلاص کو کالی سیاہی، نوشادر اور نمک کو ملا کر اس طرح لکھے اور اسے کالے کپڑے میں لپیٹ کر کالے مرغ کے خون سے تر کرے اور کالے بکرے کے سینگ اندر رکھ کر اس کو مکان میں دفن کرے جہاں ناجائز قبضہ کیا ہوا ہے پھر روز کسی وقت مقررہ پر سورۃ اخلاص کو پڑھ پڑھ کر اپنے مقصد کا تصور رکھ کر بھونتے رہیں اللہ کے حکم سے اس گھر میں ناجائز قبضہ کرنے والے افراد آپس میں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے بن جائیں گے اور اس مکان میں نہیں رہ سکیں گے ان میں سے کوئی بھی اگر گھر سے باہر ہو جائے گا تو اسے سکون آئے گا اور جیسے ہی گھر میں قدم رکھے گا اس کا دل اڑے گا۔ اگر یہ عمل کرنا کسی کے لئے محال ہوتو رائی کے دانوں پر سورۃ اخلاص کو ان افراد کے ناموں کی تعداد سے پڑھ کر اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر ان دانوں کو ان کے گھر میں گاہے بگاہے پھینکتا رہے یہ عمل سست رفتار سے اثر کرے گا۔

خ رج م ن ہ اخ ال ف اای س رق ب وہ ی ل م رم راال س ح اب اخ رج
ت فلان بن فلان م ن ہ ذاال م ک ان ف ی ہ ذال زم ان ب اذن ت ع ال ی



فلان بن فلان یہاں اپنے مخالف افراد کے نام لکھے پھر ق ل ہ و ال ل ہ اح د ال ل ہ ا
ل ص م دل م ی ل دول م ی ول دول م ی ک ن ل ہ ک ف وا اح د۔

## دکان خالی کروانے کے لئے

اگر کوئی دکان کا کرایہ نہ دیتا ہواور مالک کو ناجائز پریشان کرتا ہوتو اس عمل کی بدولت یا تو وہ مالک کے ساتھ صحیح گزارا کرے گا یا دکان چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔ اس عمل کے لئے کالی مرچیں، سرخ مرچیں اور رائی کے دانے ان سب کو آپس میں ملا کر اس پر سورۃ اخلاص کو اس فرد کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے جس نے دکان کرایہ پر لے رکھی ہے پھر ان اشیاء کو کالے کپڑے میں لپیٹ کرا سے اس کی دکان میں اپنی نیت کا مکمل تصور رکھ کر چھوڑ آئے اللہ کے حکم سے وہ اس دکان میں نہیں رہ سکے گا اگر ناجائز مالک کے ساتھ سلوک کرتا ہوگا اور اگر اس کا برتاؤ اچھا ہوا تو اس عمل کا اثر ہرگز نہیں ہوگا۔ اس لئے اس قسم کے تمام اعمال کو جائز بنیاد پر کرے ورنہ گناہگار بھی ہوگا اور وقت بھی ضائع ہوگا کیونکہ ان اعمال کو جائز صورت میں کرنے والا خود پکا اور سچا مسلمان ہوا تو وہ کبھی بھی ایسے اعمال کرنا یا کروانا پسند نہیں کرے گا اور اپنے تمام معاملات کو اللہ کے سپرد کردے گا۔

## دشمن کی زبان بندی کے لئے

اگر کسی کی بھی ناجائز زبان چلتی ہواور اللہ کی مخلوق کا زیادہ سے زیادہ دل توڑتی ہوتو اس عمل کو کاغذ پر زعفران سے لکھے اور ان اشیاء کا بغور اس کاغذ کو دے کر اسے اپنے بازو پر باندھے اور اس کے پیچھے اپنا نام مع والدہ اور اس کا نام مع والدہ جس کی زبان

بند کرنی ہو لکھے اور اپنے کام کا مکمل تصور رکھے۔ ع ق د ت ل س ا ن ک ی افلا بن فلان ب م ا ع ق د ا ل ل ہ ب ا ل س م و ا ت ا ن ت ق ع ع ل ی ا ل ا ر ض ا ل ا ب ا ز ن ہ و ب م ا ب ہ ا ل ب ل غ ت ع ن د ا ن ی ا ل ع ل ی ہ ا ل س ل ا م و ب م ا ع ق د ا ل ل ہ ا ل ع ق ی م م ا ت ذ ر م ن ش ی ء ا ن ت ع ل ی ء ا ل ا ج ع ل ت ہ ا ل ر م ی م ع ق د ت ا ل س ن ت ا ل ب ش ر ک ل ا ن ث ی و ذ ک ر م ن ا و ل ا د ب ن ا ت ح و ا س ل ا م ا ل ل ہ ع ل ی ہ ا ف ہ م ل ا ی ن ط ق د ن و ر د ا ل ل ہ ا ذ ی ن ک ف ر و ا ب غ ی ض ہ م ل م ی ن ا ل و ا خ ی ر ا و ک ف ی ی ا ل ل ہ ا ل م ؤ م ن ی ن ا ل ق ت ا ل و ک ا ن ا ل ل ہ ق و ی ا ی ا ع ز ی ز ا ق ل ہ و ا ل ل ہ ا ح د ا ل ل ہ ا ل ص م د ل م ی ل د و ل م ی و ل د و ل م ی ک ن ل ہ ک ف و ا ا ح د۔

## دشمن کی زبان بندی کے لئے

اگر کسی مخالف کی ناجائز چلتی ہوئی زبان بند کرنی ہو جس کا مقصد اس کی گندی زبان سے بچنا ہو تو وہ اس نقش کو کالی اور سرخ سیاہی ملا کر اس نقش کو بعد نماز عشاء پڑھ کر لکھے اور اس پر جس کی زبان بند کرنی ہے اس کے نام کے اعداد سورۃ شریف کو پڑھ کر دم کرے اور اس کے اندر ایک دانہ کالی مرچ کا بھی ڈالے اور اسے بازار سے ایک مٹکا لا کر اس میں پانی بھر کر اس کے نیچے رکھے اللہ کے حکم سے اس کی ناجائز زبان بند ہوگی۔

## دست غیب کے لئے

اس تکسیر کو نو چندی جمعرات کو سورج نکلنے کے ایک گھنٹے بعد جو بھی تحریر کر کے تعویذ کی طرح بند کر کے اپنے سر پر کسی ٹوپی یا پگڑی کی مدد سے سر پر باندھے اور اگلے



دن پھر اسی نقش کو زعفران سے لکھ کر اسی عمل کو دہرائے اور پہلے نقش کو آٹے میں بند کر کے اس کی گولی بنائے اس طرح اس عمل کا لگاتار چالیس دنوں تک کرے اور اکتالیس دن والا نقش اپنے پاس رکھے اور ان گولیوں کو دریا یا کسی تالاب میں مچھلیوں کو ڈالے تو اللہ کے حکم سے اس کو غیب کے ذریعے مال و دولت حاصل ہوگی۔ اس عمل کا کسی سے بھی ہرگز ذکر نہ کرے سریع التاثیر عمل مبارک ہے۔

## مفلسی سے نجات کے لئے

ایک شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مفلسی کی شکایت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو اپنے گھر جایا کرے تو سورۃ اخلاص پڑھ لیا کر اس نے ایسا ہی کیا اور اپنے مطلب کو پہنچا اور بعض علماء سے منقول ہے کہ اس سورۃ کو خرگوش کی جھلی پر لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے اس کو کوئی جن وانس موذی جانور تکلیف نہ دے سکے (وظیفہ کریمہ)

## مالدار بننے کے لئے

• یہ عمل خاص طور پر خواتین کے لئے درج کیا جا رہا ہے اس لئے اگر کوئی خاتون کوئی کاروبار کرتی ہو یا اس کا کوئی ذریعہ معاش ہو تو وہ اس کی ترقی اور دنوں میں مال و دولت جمع کرنے کے لئے اس نقش کو سونے کی تختی پر کندہ کروا کر اسے اپنے گلے میں پہنے اور کندہ اس طریقے سے کروائے کہ نقش کو زیادہ پاس لانے سے معلوم ہو کہ یہ کوئی نقش ہے ورنہ اسے اس نقش پر بیل بوٹے بنائیں جائیں جو کسی کو بغور دیکھنے سے معلوم نہ ہو اس راز کو راز رکھے اور روز رات کو سونے سے پہلے اسے ایسی ڈبیا میں بند کرے

جس میں سہاگہ، عنبر، کستور اور سندور ڈالا ہوا ور صبح اس نقش کو پہننے سے پہلے گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر اس پر دم کرے اسی طرح اس کو استعمال کرتی رہے اللہ کے حکم سے اس عمل کو کرنے والی خاتون کبھی بھی رزق سے تنگ نہیں ہوگی اور دن بدن اس کا روزگار اور رزق بڑھتا ہی جائے گا انشاء اللہ اسی طرح اس عمل کو کسی مرد نے کرنا ہو تو وہ اس عمل کو چاندی کی تختی پر کرے اور مذکورہ تمام ہدایات کو ملحوظ خاطر رکھے اللہ کے حکم سے رزق وسیع ہوگا۔

## دکان میں برکت کے لئے

اگر کسی فرد کی دکان خاطر خواہ نہ چلتی ہو یا دکان چلتی ہو اور برکت کا حصول نہ ہوتا صبح دکان کھولنے سے پہلے گھر سے وضو کر کے آئیں اور دایاں قفل کھولنے سے پہلے سات مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھیں اور بایاں قفل کھولنے سے پہلے پانچ مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھیں اور دکان میں داخل ہو کر ایک اگربتی پر سورۃ اخلاص شریف کو 20 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور جلانے سے پہلے بھی ایک مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر پھر جلائیں اور اسے ایسی جگہ لگائیں جو سیدھے رخ ہو اور اس نقش کو بھی زعفران سے لکھ کر دکان پر ایسی جگہ لگائیں جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑتی رہے اور اگر دکان میں کسی قسم کی کوئی بندش وغیرہ ہوگئی ہو تو کہیں سے حقے کا پانی لا کر اس پر 100 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر کسی بھی وقت دم کریں اور دکان کو پہلے طریقے کے مطابق کھول کر پھر اس پانی کے چھینٹے دکان کے چاروں کونوں میں لگائیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے ان کی دکان میں ہر قسم کی بندش دور ہوگی اور جو بھی روپیہ پیسہ کمائیں گے یہ ان کے لئے فائدہ مند ہوگا اور اس میں خاص قسم کی برکت پائی جائے گی۔ اس عمل کو 21



دنوں سے لے کر 41 دنوں تک کیا جا سکتا ہے اور اس تعداد کے بعد بھی آپ کی مرضی ہے چاہیں تو اس کو ترک کر دیں یا اس کو ساری زندگی کا وظیفہ بنا لیں دونوں صورتوں میں یہ آپ کے لئے فائدہ بخش عمل ہے۔

## کشائش رزق کے لئے

اپنے رزق میں برکت، وسعت اور اللہ کی رحمت کے حصول کے لئے اس عمل کو مسجد میں کریں۔ ویسے تو باجماعت نماز ادا کرنے کے لئے مسجد میں ہی جانا چاہئے لیکن اس عمل کو کرنے کے لئے خاص طور پر آغاز میں کسی بھی دن سے شروع کر سکتے ہیں اور اکتالیس دنوں تک اسی پر کاربند رہنے کے بعد بھی آپ اس کو یا تو ترک کر دیں یا مسلسل جاری رکھیں، یہ آپ کی اپنی مرضی ہے۔

مسجد میں جانے سے پہلے گھر میں وضو کر کے جائیں اور اپنے گھر سے مسجد تک کے فاصلے کو درود شریف ابراہیمی پڑھتے جائیں۔ پھر باجماعت نماز ادا کر کے وہیں پر تسبیح کرے، دانوں پر سورۃ اخلاص شریف کو 100 مرتبہ پڑھیں اور گھر آتے ہوئے پھر درود شریف پڑھتے ہوئے گھر واپس آئیں بس اکتالیس دنوں تک ایسا ہی کریں اور نماز باجماعت ادا کریں۔ آپ اوپر مذکورہ مقاصد میں ضرور کامیاب ہوں گے اور اگر یہی عمل کسی خاتون خانہ نے کرنا ہو تو چونکہ وہ مسجد میں بار بار نہیں جا سکتیں۔ اس لئے وہ اپنے گھر میں ہی ہر فرض نماز کے بعد سورۃ اخلاص شریف 100 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لیں۔ پھر دیکھیں ان کی ہر حاجت کیسے پوری ہوتی ہے اور دست غیب سے ان کو رزق کیسے اللہ کی ذات فراہم کرتی ہے۔ ہر عمل میں اعتقاد کامل رکھنا ضروری ہے۔

## ترقی رزق کے لئے

اگر کسی کے رزق میں رکاوٹ ہوگئی ہو اور کسی بھی علاج یا طریقہ سے رزق نہ کھ
ہو تو جو شخص اس پریشانی میں مبتلا ہو تو کسی طریقے سے ایسے (روڑ) اٹھائے جو کسی
نالے کے نیچے پڑے ہوں ان کو ڈھونڈنا ہوگا ان سب کو کسی سفید کپڑے میں باند
کے اس پر سورۃ اخلاص شریف **500** مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور انہیں اپنے گھر میں ک
تاریک مقام پر حفاظت کے ساتھ رکھ دے اللہ کے حکم سے رزق ایسے طریقوں سے
گھر میں آئے گا کہ خود بھی پریشان ہوگا۔ اس کے ساتھ ہی نماز و روزہ کی مکمل پابند
رکھے اور سورۃ شریف کا اکثر ورد رکھے۔

## فراخی رزق کے لئے

اگر کوئی بھی رزق کی تنگی سے پریشان ہو تو اسے چاہئے کہ رحمت سے مایوس نہ
اور اس نقش مبارک کا اثر دیکھنے کے لئے نوچندی جمعرات والے دن روزہ رکھے اور ا
روزے کی سحری وافطاری نمک اور پانی سے کرے اور بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء
اخلاص کو **111** مرتبہ پڑھے اس عمل کو صرف نماز فجر کے بعد پڑھے اور بعد نماز عش
اسی عمل کو پڑھنے سے پہلے نقش کو لکھ کر پاس رکھ لے اور عمل پڑھنا شروع کرے جس
عمل کو پڑھ لے تو اس لکھے ہوئے نقش پر دم کرے اور اسے اپنے بازو پر باندھے ا
بازو پر نہ باندھ سکے تو اسے اپنے کاروباری مرکز میں قبلہ رخ لگائے اور ہر جمعرات
اسی عمل کو روزہ رکھ لیا کرے اللہ کے حکم سے رزق میں زیادہ کثرت پیدا ہوگی اور
طرح کی بندش دور ہوگی۔ انشاء اللہ۔



## ترقی عہدہ کے لئے

اگر کوئی اپنی دفتری زندگی میں ترقی چاہے اور وہ اس قابل بھی ہو لیکن کوئی رکاوٹ اسے آگے بڑھنے نہ دے یا دفتر کے کچھ افراد اس کو آگے بڑھنے نہ دیں تو ان نقوش کو زعفران سے لکھ کر دنوں کی ترتیب کے مطابق اپنا نام مع والدہ اور مختصر سا مقصد لکھ کر اس کو اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے اس فرد کی ترقی میں اضافہ ہوگا اور اس کے درمیان جتنی بھی رکاوٹیں ہوں گی وہ بحکم خدا اس عمل کی بدولت دور ہوں گی۔ انشاء اللہ۔

## پسند کی شادی کے لئے

اگر کوئی مرد و عورت اپنی شادی مرضی سے کرنا چاہتے ہوں اور ان کے راستے میں بہت ساری رکاوٹیں ہوں اور انکاری کی صورتحال بن چکی ہو تو اپنے اس مقصد کی تکمیل کی خاطر بعد نماز فجر اس نقش کو زعفران سے لکھیں اور نقش لکھتے ہوئے سورج جب طلوع ہو رہا ہو تب تحریر کریں اور اسے سرخ یا سفید رومال میں لپیٹ کر اس میں رکھ کر گانٹھ باندھیں اور ان تمام افراد کے نام اس نقش کے پیچھے لکھیں اور نقش کو بند کرنے سے پہلے اس پر **100** مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر اس پر دم کریں اور پھر بند کریں اللہ کے فضل سے ان کا رشتہ وہیں ہوگا جہاں ان کی مرضی ہو۔

## آسیب زدہ کے لئے

اگر کسی کو آسیب کی شکایت ہو تو وہ اس نقش کو سات عدد اتوار والے دن بوقت

عصر زعفران سے لکھے اور روز مریض کو شہد کے اندر گولی بنا کر صبح نہار منہ کھلائے مریض اس کو چبانے کے بغیر حلق میں رکھ کر اسی سورۃ کے دم شدہ پانی سے نگل جائے اللہ کے حکم سے ان سات دنوں کے اندر آسیب جل کر خاکستر ہوگا۔ آٹھویں دن اس نقش کو پھر اسی وقت زعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے مریض کو کامل صحت ہوگی۔ انشاءاللہ۔

## آسیب کو جلانے کے لئے

اگر کسی کے گھر میں آسیب کا قوی الاثر سایہ ہو اور کسی بھی علاج و معالجے سے یہ ختم نہ ہوتا ہو تو سفید کاغذ پر صرف سورۃ اخلاص شریف کو 41 دن کی تعداد میں پڑھ کر دم کریں اور سرسوں کے تیل میں بھگو کر اسے چراغ میں اپنے گھر میں قبلہ رخ جلائیں۔ اس عمل کو اکیس دنوں تک کریں۔ اللہ کے حکم سے آسیب کا سایہ ختم ہوگا اور اگر کسی سایہ کی کسی مرد و عورت کو شکایت ہو تو وہ پہلے گزرے طریقے کے مطابق کاغذوں پر دم کرے اور اسے چراغ میں جلا کر خود باوضو حالت میں اس کے سامنے بیٹھیں ان پر جو بھی سایہ ہوگا وہ جل کر خاکستر ہوگا۔ انشاءاللہ اور پھر اسی کتاب میں مذکورہ نقش اسی حوالے سے زعفران سے لکھ کر اسے اپنے گلے میں پہنے۔

## جن سے نجات کے لئے

اگر کسی کو جنات کی مخلوق میں سے زبردست جن چمٹ گیا ہو اور کسی بھی طریقے سے مریض کی جان نہ چھوڑتا ہو تو اس نقش کو منگل والے دن ظہر کی نماز پڑھ کر زعفران سے لکھے اور اسے لوبان، حرمل اور گوگل کو جلا کر اس کی دھونی اس نقش کو دے کر لپیٹ کر



اس کے اندر نیلے رنگ کے دھاگے اس طریقے سے ڈال کر بند کرے کہ ہر دھاگے پر مریض کا مکمل تصور باندھ کر اس پر سورۃ اخلاص کو 41 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ان ساتوں دھاگوں کو نقش کے اندر لپیٹ کر رکھے اور مریض کے سیدھے بازو پر باندھے اور ایک عدد زائد زعفران سے لکھ کر اسے پانی میں ڈال کر اس میں سے پانی اس مریض کو پلائے اللہ کے حکم سے جو بھی جن کسی کا عاشق ہوگا یا ویسے ہی مسلط ہوا ہوگا تو اس عمل مبارک کی تاثیر سے یا تو وہ بھاگ جائے گا یا جل جائے گا۔

## جادو سے نجات کے لئے

اگر کوئی سفلی علم کا ماہر کسی معصوم انسان کو تکلیف اور اذیت پہنچاتا ہو تو سب سے پہلے استخارے کے ذریعے اس عامل کا پتہ لگائیں اور اس کا مکمل تصور باندھ کر روزانہ اکیس دنوں تک بعد نماز فجر سورۃ اخلاص شریف کو پڑھ کر اس کو تصور میں دم کر دیا کریں۔ اللہ کے حکم سے اس کا اکیس دنوں کے اندر اندر سفلی علم ختم ہوگا۔ اس کی اپنی ہی زیر شدہ ہوائی چیزیں اس کو ختم کرنے کے بہانے ڈھونڈیں گی کیونکہ اس عمل کی بدولت اس کی ہوائی چیزوں کو تکلیف ہوگی اور اس تکلیف کا مرہم اس عامل کے پاس بھی نہیں ہوگا لیکن اس عمل کو کرنے سے قبل اپنا اچھی طرح سے حصار کریں جیسے کہ پہلے بتایا گیا ہے۔

## جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی پر جادو یا سحر کے اثرات پائے جائیں تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اس کے اندر چند الائچیوں کے دانے ڈال کر تعویذ کی شکل میں اپنے گلے میں باندھے اور

تازے پانی پر سورۃ اخلاص 21 مرتبہ پڑھ کر اسے اسی وقت پی لیا کرے اللہ کے حکم سے اس دم شدہ پانی اور نقش کی بدولت ہر قسم کا جادو باطل ہوگا یا شیشے کا اتنا بڑا ٹکڑا لیا جائے جس پر یہ نقش بآسانی تحریر ہو سکے اس پر اس نقش کو سرخ روشنائی سے لکھا جائے اور اسے پانی میں ڈال دے پھر گاہے بگاہے اس میں سے پانی پیا کرے اللہ کے فضل سے ہر جادو وسحر باطل ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی پر بہت سخت جادو کر دیا ہو اور کسی بھی روحانی علاج سے مریض کو شفا نہ مل رہی ہو تو ان نقوش کو دنوں کو ترتیب سے زعفران سے لکھے اور ہر نقش کے اندر مریض کا نام مع والدہ اور اس کا مختصر سا مقصد ضرور لکھے اور اسے دنوں کی ترتیب سے ہی تازہ لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی صبح نہار منہ پئے اور ان نقوش کو دنوں کی ترتیب سے زعفران سے لکھ کر اپنا نام و مقصد دونوں لکھ کر اپنے گلے میں اندھے اللہ کے حکم سے اس روحانی عمل کی بدولت خواہ کتنا ہی کسی جادوگر نے جادو کیا ہو باطل ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## نظر بد کے لئے

اگر کسی کو کسی کی بار بار نظر بد لگتی ہو اس سے کامل طور پر نجات پانے کے لئے اس نقش کو روزانہ صبح طلوع آفتاب کے وقت زعفران سے لکھ کر گڑ کو نیم گرم کر کے اس کے اندر گولی بنا کر کھائے اس عمل کو روزانہ سات دنوں تک کیا جائے ایک آٹھویں دن اسی طرح اس نقش کو زعفران سے لکھ کر نام مریض مع والدہ مریض کے کپڑے میں لپیٹ کر اسے بازو یا گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے پہلے کی بدنظر کا خاتمہ ہوگا اور



آئندہ کے لئے اس مرض میں کبھی بھی مبتلا نہیں ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## نظر بد کے لئے

اگر کسی کو بھی بدنظری کی شکایت رہتی ہو اور مریض دن بدن کسی نئی تکلیف میں مبتلا رہنے لگے تو اس نقش کو سرخ روشنائی سے لکھے اور اس کے اندر کالی مرچ کا ایک دانہ رکھ کر نقش کو بند کرنے سے پہلے اس پر سورۃ شریف کو مریض کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اسے گلے میں پہنے اللہ کے حکم سے اس کو کبھی بھی بدنظری کی شکایت نہیں ہوگی اور نہ کسی ناگہانی تکلیف میں مبتلا ہوگا۔

## تمام امراض کے لئے

تمام اقسام کی بیماریوں کے لئے اس تکسیر کو زعفران سے لکھ لینے کے بعد اللہ کے نام کا ختم دلوائیں اور اس پر گلاب کا عطر لگا کر اسے اپنے گلے میں باندھے اگر کسی کو اندرونی امراض ہوں خواہ یہ کوئی بڑا مرض ہی کیوں نہ ہو تو اس تکسیر پاک کو زعفران سے لکھ کر اسے زیتون کے تیل میں ڈالے اور برتن اتنا ہی بڑا ہو کہ کاغذ کو رکھ لینے کے بعد یہ چھوٹا نہ ہو بلکہ پوری تکسیر اس برتن میں کھلی ہوئی آسانی سے آجائے پھر اس تیل کو کسی مخصوص وقت میں اپنے جسم پر مالش کریں اللہ کے حکم سے اندرونی تمام امراض کا خاتمہ ہوگا۔

## وبائی امراض کے لئے

ہر طرح کے وبائی امراض کو ختم کرنے کے لئے پاؤ سونف اور چند الائچیاں پانی میں ڈال کر ان کو چولہے پر رکھ دیں اور خوب گرم کریں۔ جب اچھی طرح سے سونف

اور الائچیوں کا اثر پانی میں گھل مل جائے تو اسی نیم گرم پانی کو اپنے پاس رکھیں اور باوضو حالت میں اس پانی پر 100 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر دم کر دیں اور جو افراد وبائی امراض میں مبتلا ہوں، وہ یہ پانی کثرت کے ساتھ استعمال کریں۔ اللہ کے حکم سے تمام وبائی امراض کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## وبائی امراض کے لئے

جس جگہ پر وبائی امراض کا حملہ ہو تو اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر اس جگہ پر لگائیں جہاں وبائی امراض کثرت سے پھیلتے ہوں اور ایک عدد پھر زعفران سے لکھ کر اسے پانی کے مٹکے میں ڈال کر اس پانی کے چھینٹے اس جگہ پر لگائیں اللہ کے حکم سے گھر تمام قسم کے وبائی امراض سے محفوظ ہوگا۔

## خوف سے نجات کے لئے

اگر کسی کے دل میں ایسا خوف پیدا ہو جائے جو کسی بھی طریقے سے نہ جاتا ہو اور اس سے بڑی مصیبت میں مبتلا ہو تو اس نقش کی اوپر والی لائنیں کالی روشنائی سے لگائے اور اندر کے حروف سرخ روشنائی سے لکھے اور جامن کے پتے پر عطر لگا کر نقش کو اس کے اندر رکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے اس کے دل میں جو بھی خوف و ہراس ہوگا وہ دور ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## حفظ قرآن کے لئے

اگر کسی بچے یا بڑے کو قرآن مجید کو حفظ کرنے میں دشواری پیش آ رہی ہو تو



روزانہ فجر کی نماز کے بعد سورۃ اخلاص شریف کو 100 مرتبہ گلاب کے عرق پر دم کر کے پئے اور سرسوں کے تیل پر بھی دم کر کے اپنے سر کی مالش کرے۔ اللہ کے حکم سے یہ جلد از جلد قرآن مجید کو حفظ کریں گے اور اس میں صحیح کامل علاج کے لئے کتاب میں سے شفاء دینے والے نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے اس کے درمیان ان رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا جس کے لئے اس عمل کو کیا جا رہا ہے کیونکہ قرآن مجید میں حفظ کرنے والا عمل خود ایسا ہے کہ جو بھی اس کو حفظ کرتا ہے شروع میں اس کی صحت بہت خراب ہوتی ہے اور یہ کمزور ہو جاتا ہے اور کمزوری کے باعث اس میں خلل پیدا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی دوسری رکاوٹ بھی ہوگی تو اس کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## حفظ قرآن کے لئے

اور حضرت امیر خسرو علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں کہ ایک روز جب میں شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا تو مولانا نابلی اور مولانا برہان الدین غریب اور دوسرے اعزا حاضر تھے۔ قرآن مجید کے یاد کرنے کا تذکرہ ہو رہا تھا اس موقع پر آپ نے فرمایا کہ خواجہ قطب الدین مودود چشتی قدس سرہ العزیز کو قرآن یاد نہ تھا، آخر عمر میں اپنے پیر کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں کہ ہر روز ہزار بار سورۃ اخلاص قرآن مجید یاد کرنے کی ترتیب سے پڑھ جب صبح ہوئی تو خواجہ نے ہزار بار سورۃ اخلاص پڑھی اور اس کے بعد ہر روز پڑھتے چند روز گزرے کہ خواجہ نے تمام کلام اللہ کو یاد کر لیا۔ فالحمد اللہ علی ذلک (افضل الفوائد)

## حفظ قرآن کے لئے

اگر کسی بچے یا بڑے کو قرآن مجید کو حفظ کرنے میں دشواری پیش آ رہی ہو تو یہ

روزانہ فجر کی نماز کے بعد سورۃ اخلاص شریف کو 41 مرتبہ پانی دم کر کے پئیں اور سرسوں کے تیل پر بھی دم کر کے اپنے سر کی مالش کریں۔ اللہ کے حکم سے یہ جلد از جلد قرآن مجید کو حفظ کریں گے اور اس میں صحیح کامل علاج کے لئے کتاب میں سے شفاء دینے والے نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھیں۔

## درد شقیقہ کے لئے

اس درد سے سر میں ایسی تکلیف ہوتی ہے جیسے جسم سے جان نکل رہی ہو اور ڈاکٹر حضرات ٹیکے کی مدد سے اس مرض پر قابو پانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن افاقہ نہیں ہوتا اس مرض کے مکمل خاتمہ کے لئے مریض کو گردن کے مقام سے اس طرح پکڑے کہ اس کی رگیں پھول جائیں یہ عمل بعد میں کرے پہلے ایک چھری پاس رکھے اور اس پر سورۃ اخلاص شریف کو 25 مرتبہ پڑھ لے اور پہلے طریقے کے مطابق رگیں پھلا کر یہ چھری ان پھولی ہوئی رگوں پر ملے اور پھیرتے پھیرتے سورۃ کو بھی پڑھ کر دم کرے اس کو کل تین مرتبہ کرے ہر مرتبہ رگیں پھلائے اور ہر مرتبہ دم کرے اللہ کے حکم سے درد شقیقہ کا مکمل خاتمہ ہوگا۔

## سر درد کے لئے

اگر کسی کو سر میں ایسا شدید درد رہتا ہو جو کسی بھی دوا سے دور نہ ہو تو اس مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر (چوکڑی کی شکل میں) خود اخلاص کو پہلے گیارہ مرتبہ پڑھ لے اور اس کے سر کو اس طریقے سے پکڑے کہ دونوں طرف کی کنپٹیوں کو ملاتا ہوا عین وسط میں لا کر انگوٹھے اور درمیان والی انگلی کی مدد سے اس پر پڑھی ہوئی سورۃ کو زور سے پھونک



مار کر کھینچ لے اس طرح روزانہ گیارہ دنوں تک گیارہ مرتبہ سورۃ شریف پڑھ کر دم کرے اللہ کے حکم سے کبھی زندگی میں سر کا درد نہیں ہوگا۔

## سر درد کے لئے

اگر کسی کو سر میں درد رہنے کا عارضہ ہو اور اس کی شفا صرف ڈاکٹری گولی کھانے سے ہو تو کالے رنگ کا ایک چھوٹا سا اتنا کپڑا لیں جو سر پر خوب صورت پٹی بنانے کے لئے کافی ہو پھر اس پر پہلی مرتبہ سورۃ اخلاص شریف 100 مرتبہ پڑھیں اور دم کر کے اپنے سر پر باندھ لیں۔

پھر اگلے روز اسے اتاریں پھر اس پر مقررہ تعداد کے مطابق سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر دم کریں اور اپنے سر پر باندھیں۔ اسی طرح سے روزانہ اس عمل کو اکیس دنوں تک کریں اور پٹی کو اپنے سر سے تب اتاریں جب اگلا دن آپ نے پڑھ کر دم کرنا ہوگا۔ بحکم خدا شفا ہوگی۔ اگر مریض خود اپنے لئے پٹی نہ بنا سکے تو کوئی دوسرا ان کی پٹی بھی بنائے اور اس پر دم بھی کر دے۔

## خوف سے نجات کے لئے

اگر کسی مرد و عورت کے ساتھ زندگی میں ایسا حادثہ پیش آ جائے جو ان کو یاد آنے پر ان کا دل دہل جائے اور انہیں اس حادثے کی یاد نہ بھولتی ہو۔ یہ اپنے اوپر مسلط اس خوف کو دور کرنے کی خاطر ہر فرض نماز کے بعد سورۃ اخلاص شریف کو روزانہ کم از کم ایک ہزار کی تعداد میں پڑھ کر اپنے اوپر دم کرتے رہیں۔ ان کے ذہن میں کسی بھی خوف کا اندیشہ نہیں رہے گا۔ انشاء اللہ۔

# مرگی کے لئے

اگر کسی کو مرگی کا مرض ہو تو وہ روزانہ تازے پانی پر سورۃ اخلاص شریف کو 21 کی تعداد میں پڑھ کر اس پانی کو روزانہ صبح نہار منہ پئے اور اس نقش کو سفید مرغ کے خون سے لکھ کر بروز اتوار مرگی والے کے گلے میں باندھے۔ اللہ کے حکم سے ان کا یہ مرض ختم ہوگا۔

# مرگی کے لئے

اگر مرگی کا کسی بھی طریقہ سے علاج نہ ہو رہا ہو تو ان نقوش کو دنوں کی ترتیب سے پندرہ دنوں تک صبح نہار منہ پئے اور ان نقوش کو سفید مرغ کے خون سے دنوں کی ترتیب سے درج کر کے آخری روز ان تمام نقوش کو تعویذ کی شکل میں مریض اپنے گلے میں باندھے اللہ کے فضل سے مرگی کا مرض جڑ سے ختم ہوگا۔

# مرگی کے لئے

اگر کسی کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں اور کسی بھی علاج سے شفا نہ ملتی ہو تو اس مریض کو اپنے سامنے (چوکڑی) کی شکل میں بٹھائیں اس کی آنکھیں بند کروائیں پھر خود بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سورۃ اخلاص کو سات مرتبہ پڑھے اور پڑھنے کے دوران اپنے مقصد اور اس کی مکمل شفاء کا تصور باندھے پہلے سات مرتبہ سورۃ شریف پڑھ کر اس کے دائیں کان میں دم کرے پھر سات مرتبہ بائیں کان میں دم کرے پھر سات مرتبہ پڑھ کر اس کے بائیں طرف ناک کے نتھنے میں دم



کرے اسی طرح دوسرے میں پھر سات مرتبہ پڑھ کر اس کی دائیں آنکھ پر دم کرے اسی طرح دوسری آنکھ میں دم کرے اس دم کو کر لینے کے بعد خود ہاتھ میں پانچ اگربتیاں سلگا کر سورۃ شریف کو گیارہ مرتبہ پڑھے اور ان اگربتیوں پر پھونک اس طرح سے مارے کہ دھواں اس کے جسم کو چھوئے پھر گیارہ مرتبہ پڑھ کر اگربتیوں پر پھونک مارے تا کہ جسم کو دھواں پہنچے اس عمل کو بھی گیارہ گیارہ کی تعداد سے سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اس عمل کو وقت مقررہ پر گیارہ روز تک کرے اللہ کے حکم سے مریض مکمل صحت یاب ہوگا۔

# نسیان کے لئے

اس عارضے سے نجات حاصل کرنے کے لئے سورۃ اخلاص کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور زعفران و عرق گلاب سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے پھر صبح کے وقت ساڑھے تیرہ ماشہ لوبان اور ساڑھے چالیس ماشہ شہد ملا کر مریض کچھ دنوں تک پئے اللہ کے حکم سے جو بھی یاد کرے گا وہ کبھی نہیں بھولے گا۔ انشاء اللہ۔

# ڈراؤنے خواب کے لئے

اگر کسی کو بہت برے اور ڈراؤنے خواب آتے ہوں تو وہ روزانہ سونے سے پہلے اپنے بستر پر لیٹ کر سورۃ اخلاص شریف کو پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر کے سوئے اللہ کے حکم سے ان کو ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے اور یہ سکون محسوس کریں گے۔

## چہرے کی خوبصورتی اور کشش کے لئے

اگر کسی کا چہرہ بدنما اور بھدہ ہو یا چہرے پر کیل مہاسے نکل آنے سے چہرے پر داغ پڑ گئے ہوں تو وہ ان نقوش کو علیحدہ علیحدہ کاغذ کے ٹکڑوں پر زعفران سے لکھے اور اسے کچے دودھ میں ڈال کر روئی کی مدد سے روزانہ پندرہ دنوں تک صبح نہار منہ اپنے چہرے پر اس کی مالش کرے اور آخری دن ان نقوش کو لکھتے لکھتے جب دن بھی پورا جائیں تو ان کو اپنے گلے میں تعویذ کی شکل میں باندھے اللہ کے حکم سے ان کے چہرے پر واضح نور پایا جائے گا۔

## آنکھوں کے درد کے لئے

کسی پاک برتن میں پانی لے کر سورۃ اخلاص کو 500 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس پانی سے صبح نہار منہ آنکھوں میں چھینٹے لگائے اور پانی کی بے ادبی نہ کرے بلکہ اس پانی کو پودوں میں ڈال دے اس عمل کو سات دنوں تک کرے۔ جو بھی آنکھ میں ہوگا وہ بہہ جائے گا۔ بارش کا پانی لے کر اس پر سورۃ اخلاص کو مریض اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اس میں قدرے سرمہ ملا کر کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیسے اور خشک ہونے کے بعد اس سرمے کو آنکھوں میں لگائے اس سے آنکھوں میں جو بھی جالا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کسی کی آنکھ پھول جائے تو خالص شہد پر سورۃ اخلاص کو 500 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور سلائی کی مدد سے اپنی آنکھوں میں لگائے اللہ کے حکم سے آنکھوں کے امراض کا خاتمہ ہوگا۔ اگر آنکھوں میں ککرے پڑ گئے ہوں تو سورۃ اخلاص کو دودھ پر 500 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس دودھ سے اپنی آنکھوں



کو دھوئے اس کی آنکھوں کے ککروں کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## نکسیر کے لئے

اس کی ایک قسم ایکسی بھی ہے جو انتہائی خطرناک ہوتی ہے اس میں مبتلا مریض دائمی طور پر مبتلا ہو کر لا علاج ہو جاتا ہے اور کسی بھی دوا سے شفاء نہیں ملتی اگر یہ مرض پرانا ہو جائے تو پھر موت سے پہلے نجات حاصل ہونا ناممکن بن جاتا ہے اگر ایسی صورت حال بن جائے تو جب مریض کو نکسیر جاری ہو تو اس عمل کو اس مریض کے کپڑے پر اسی کی نکسیر کے خون سے لکھے۔ ل ع ن ت ع ل ی ہ اب ل ی س ہ ام ان ق ار و ن ش داد ق ار و ن م رود اب وج ہ ل ق اب ی ل اب ل ی س اور اسے آٹے میں گولی بنا کر جنگلی کبوتر کو کھلا دے پھر ساتھ ہی ساتھ سورۃ اخلاص شریف کو بھی پڑھتے پڑھتے اس کبوتر کو اس مریض کے سر پر سے سات مرتبہ اتارے اور دعائے خیر کر کے اسے آزاد کر دے اللہ کے حکم سے نکسیر کا خاتمہ ہوگا پھر گلاب کے عرق پر کسی خاص وقت مقررہ پر سورۃ اخلاص کو مریض کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر دم کرے اور اسے صبح نہار منہ پلائے اللہ کے فضل سے شفاء ہوگی۔

## دانتوں کے درد کے لئے

اگر کسی کا دانت یا داڑھ بہت زیادہ درد کرتی ہو تو مریض کی شہادت والی انگلی پر وہ خود یا کسی پرہیزگار آدمی سے سورۃ اخلاص شریف کو 100 مرتبہ پڑھ کر دم کروائے اور اس انگلی کو اپنے درد والے دانتوں پر پھیریں اور کافی دیر تک پھیرتے پھیرتے سورۃ اخلاص شریف کا دل ہی دل میں ورد جاری رکھیں اور تھوک نہ پھینکیں بلکہ اس کو

بھی اندر نگل جائیں۔ اللہ کے فضل سے ان کو زندگی میں دوبارہ دانت درد کی شکایت نہیں ہوگی۔ اگر خود اس عمل کو کرنا ہو تو تازہ وضو یا غسل کرے اور اگر افاقہ نہ ہو تو اسی عمل کو چند دنوں تک کرے۔ انشاء اللہ ضرور شفاء ہوگی۔

## دانتوں کے درد کے لئے

دانت اور داڑھ کے درد بھی کیڑوں کی موجودگی کی علامت ہوتی ہے جبکہ دانتوں اور داڑھوں کے کیڑے بھی سخت نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں جن کی موجودگی میں دانتوں اور داڑھوں میں درد کا پیدا ہونا لاعلاج تکلیف بن جاتا ہے اور سوائے دانت یا داڑھ کے نکلوانے کے اس کا کوئی دوسرا علاج ممکن نہیں ہوتا۔

دانتوں اور داڑھوں کے کیڑے کے لئے سورۃ اخلاص کو 500 مرتبہ خوردنی نمک پر پڑھ کر دم کرے مریض اس نمک ملے پانی سے کلی کرے اور پانی کو کسی پاک برتن میں گرائے اس دم شدہ نمک کی بدولت دانتوں کے کیڑوں کا خاتمہ ہوگا اس عمل کو ایک ہی وقت میں تین مرتبہ دہرائے بحکم اللہ شفا ہوگی اسی طرح اگر جسم کے کسی کہنہ قسم کے زخم میں کیڑے پڑ جائیں تو سورۃ اخلاص کو 500 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اللہ کے حکم سے کیڑے باہر آئیں گے یا اس کے اثر سے ان کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## کان کے درد کے لئے

کان کے امراض کا سبب کان میں پیپ اور رطوبت فاسدہ کے تعفن سے پیدا ہونے والے کیڑے ہوتے ہیں اسی طرح کان کے کیڑے بہرہ پن پیدا کرتے ہیں۔ ان امراض سے شفاء حاصل کرنے کے لئے اگر کیڑے کان میں ہوں تو روغن



چنبیلی پر سورۃ اخلاص کو 500 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو نیم گرم کر کے کانوں میں اس قدر ٹپکائے کہ کانوں کے سوراخ بھر کر تیل ان سے باہر بہہ نکلے تیل ڈالنے کے تھوڑی دیر بعد ہی تیل کو کانوں سے الٹ دیں اور اس تیل کی بے ادبی نہ کریں ورنہ گناہ ہوگا۔

## لکنت کے لئے

اگر کسی کو بولنے میں رکاوٹ رہتی ہو اور کسی بھی علاج سے آرام نہ آتا ہو تو سورۃ اخلاص کو صبح و شام اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کرے لکنت ٹھیک ہوگی۔ انشاء اللہ۔

## آواز صحیح کرنے کے لئے

اگر کوئی مرد و عورت نعت خوانی کرتے ہوں اور ان کی آواز خراب ہو جاتی ہو یا ان کو نعت خوانی کرنے کا شوق ہو اور ان کی آواز صحیح نہ ہو تو کچھ عدد الائچی کے دانوں پر روزانہ سورۃ اخلاص شریف 100 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ان کو چوستے رہیں اللہ کے حکم سے ان کی آواز میں ایسا سرور پیدا ہوگا کہ نعت کو سننے والا دم بخود ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## ہچکی کے لئے

اگر کسی کو بار بار ہچکی لگنے کا عارضہ ہو جائے تو سورۃ اخلاص شریف کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اسے عرق بادیاں میں گھول کر روزانہ صبح نہار منہ اس عرق کو پئے اللہ کے حکم سے اس عمل کی بدولت صرف ضرورت کے وقت ہی ایسا ہوگا۔

## دمہ کے لئے

اگر دمے کا مرض لاحق ہو گیا ہو اور کسی بھی علاج و معالجے سے یہ تندرست نہ ہوتے ہوں تو اس روحانی عمل کو کریں اللہ ضرور شفا دے گا۔ بازار سے کچھ مقدار میں نمک سانبھری لائیں اور اس کی چھوٹی چھوٹی کنکریاں اتنی مقدار میں بنائیں کہ آپ کو کھانے یا نگلنے میں آسانی ہو۔ پھر روزانہ ایک وقت مقرر کر کے ایک کنکری پر سورۃ اخلاص شریف کو 41 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسے بسم اللہ پڑھ کر کھالیں۔ یا ویسے ہی نگل جائیں۔ یہ آپ کے اختیار اور مزاج پر منحصر ہے۔ اس عمل کو روزانہ اکیس دنوں تک کرنا ہو گا اور کنکریاں بھی اکیس کی تعداد میں بنائیں۔ سورۃ اخلاص شریف کے اس روحانی عمل سے آپ ضرور شفا میں کامیاب ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

## کنٹھ مالا کے لئے

اس مرض میں شفاء حاصل کرنے کے لئے ایک عدد چمڑے کا تسمہ لائیں اور اس پر اکتالیس گانٹھیں لگائیں اور ہر گرہ پر 7 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھیں اور کل اکتالیس گرہیں لگائیں اور اسے اپنے گلے میں باندھیں اللہ کے فضل و احسان سے اس مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

## بلڈ پریشر کے لئے

اس مرض سے مکمل نجات کے لئے روزانہ ایک عدد لہسن کا جوا لے کر اس پر سورۃ اخلاص شریف کو 21 مرتبہ پڑھیں اور سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر اسے نہار منہ کھائیں



اللہ کے فضل سے ان کا بلڈ پریشر اعتدال پر رہے گا۔ اس عمل کو اکیس دنوں تک کریں اور صبح نہار منہ لہسن کے جوا کو کھائیں اور اگر کوئی دوائی وغیرہ بھی استعمال کرتے ہیں تو اس کو استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ اس مرض کا روحانی علاج ہے تاکہ ہر لحاظ سے یہ محفوظ رہیں۔

## دل کی بیماریوں کے لئے

اس عمل کو دل کے تمام امراض میں استعمال کریں۔ بحکم اللہ دل سے متعلق تمام بیماریاں ختم ہوں گی۔ سورۃ اخلاص شریف کو اس طرح چاندی کی پتری پر کندہ کروائیں اور روزانہ صبح پانی میں ڈال دیا کریں اور گاہے بگاہے اس کا پانی پیا کریں۔ پھر عشاء کی نماز کے بعد اس کو دودھ میں ڈال دیا کریں اور پھر صبح پانی میں ڈالیں۔ اگر پترے کی رنگت تبدیل ہو کر زرد ہونا شروع ہو جائے تو یہ نقش ان پر اثر کرے گا اور ان کے دل کے تمام عارضے بالکل ٹھیک ہوں گے اور اگر پترہ اپنا رنگ نہ بدلے تو پھر اسے صبح دودھ میں ڈال دیا کریں اور عشاء کے بعد پانی میں پھر گاہے بگاہے اس دودھ میں سے دودھ پیا کریں۔ اللہ کے فضل سے پترے کا رنگ زرد ہونا شروع ہوگا اور یہ شفاء پانے میں کامیاب ہوں گے۔

## دل کی بیماریوں کے لئے

اگر کوئی مرد یا خاتون دل کے عارضے میں مبتلا ہو اور اس کا صحیح علاج نہ ہو رہا ہو تو ان نقوش کو اسی طرح دنوں کی ترتیب سے لکھ کر استعمال میں لائیں اور گلے میں باندھنے والے نقش کو زعفران سے لکھ کر مریض اپنا نام اور شفاء کی ایک درخواست لکھ کر اس کو چپکنے والی ٹیپ کی مدد سے اپنے دل کے مقام پر لگائے اللہ کے فضل سے یہ عمل

اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہے گا۔ انشاء اللہ۔

## اختلاج قلب کے لئے

اگر کسی کو اس مرض میں مبتلا رہتے ہوئے کافی عرصہ گزر گیا ہو اور کسی بھی علاج سے شفاء نہ ہوتی ہو تو ململ کے کپڑے پر سورۃ اخلاص کو زعفران سے اس طرح لکھے کہ لکھتے وقت قلم نہیں اٹھانا پڑے گا۔ اگر کسی کو لکھتے ہوئے دقت پیش آئے تو جیسے میں نے لکھا ہے بالکل اسی طرح لکھ لے۔ کپڑے کے سات ٹکڑے ہونے ضروری ہیں اور ایک ٹکڑے پر علیحدہ اس عمل کو لکھے پھر اس کو لپیٹ کر اس میں ایک سوئی چبھو دے اور سوئی چبھوتے وقت اس بات کا مکمل تصور رکھے کہ میں درد کو الٹا تکلیف دے رہا ہوں تا کہ یہ بھاگ جائے پھر مریض کو آب زم زم پر سورۃ اخلاص کو 500 مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلائے مریض اس پانی کو صبح نہار پئے اللہ کے حکم سے دل کے تمام عارضے ختم ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

## یرقان کے لئے

اس مرض کا اگر علاج نہ ہوتا تو ہو کہیں سے حرمل کی جڑ نکال کر لائے اس پر سورۃ اخلاص کو 100 کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور مریض کے جسم سے مس کر کے اسے کسی بلند جگہ پر لٹکائے جیسے جیسے یہ بوٹی خشک ہوگی اس مریض کا مرض بھی اسی طرح گھٹ کر ختم ہوگا اور آئندہ کے لئے بھی اس مرض سے محفوظ رہے گا۔

## تلی کے لئے

اگر کسی کو بھی تلی کا عارضہ ہو جائے اور کسی بھی روحانی یا دواؤں کے اثرات سے



شفاء نہ ملتی ہو تو کسی طریقے سے بکرے کی تلی کو حاصل کریں اور اس پر 111 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف کو پڑھ کر دم کریں پھر اسی تلی کو تانبے کے کسی برتن میں مریض کے سامنے رکھ کر تیز دھار چھری کی مدد سے اس طریقے سے کاٹے کہ یہ سات حصوں میں تقسیم ہو پھر ان تلی کے ٹکڑوں کو کسی دوسرے برتن میں ڈال کر اس پر پانی ڈالیں اور پانی کی مقدار اتنی ہو کہ صرف تلی ہی ڈوبے اسے آگ پر رکھیں اور خوب جوش دلوائیں اس عمل کو بھی سات مرتبہ کریں یعنی سات مرتبہ جوش دلوائیں اور سات بار ٹھنڈا کریں ایک مرتبہ ٹھنڈا کرنے کے بعد اس پر پھر سورۃ اخلاص شریف کو 111 کی تعداد سے پڑھ کر اس پر دم کرے اور سات مرتبہ اسی طریقے سے دم کر کے آگ پر گرم کرے اور ٹھنڈا کرے لیکن اس کو ٹھنڈا کر کے دوبارہ پھر آگ پر رکھنے سے پہلے اس بات کا ضرور خیال رکھیں کہ اس کا پانی گرم کرنے سے کم ہو جب تھوڑا سا پانی خشک ہو تو اسے اتار لے اور ٹھنڈا کرے یعنی ساتویں مرتبہ اس تلی میں ڈالا ہوا پانی بالکل ہی خشک ہو چکا ہو اس تمام عمل میں دوبارہ دم کرتے کرتے اپنے مقصد کا مکمل تصور رکھیں اور اگلے دن صبح سورج نکلتے ساتھ ہی اس تلی کو کسی پاک جگہ میں دفن کر دیں اللہ کے حکم سے جس کے لئے بھی اس روحانی عمل کو کیا جائے گا اس کی تلی ہر لحاظ سے بالکل تندرست ہوگی اور مریض ضرور صحت یاب ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## گردے کی پتھری کے لئے

اگر یہ مرض غلبہ پانے کی کوشش کرے تو اسی وقت سورۃ اخلاص کا ورد کرنا شروع کر دے اور اس وقت تک اس سورۃ کا ورد کیا جائے جب تک غسل خانہ جانے کی حاجت نہ ہو اس وقت سے لے کر سورۃ کا ورد کرتا جائے اور جب حاجت ہو تو اس عمل

کو کرنے کے لئے صرف زمین میں گڑھا کھود کر اپنی تمام حاجت کو اس گڑھے میں پورا کرے اس دوران سورۃ شریف کا ورد بند کردے صرف اس عمل کو 3,5 اور 7 دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے اگر یہ سو سال پرانا بھی ہوگا تو اس روحانی عمل سے مریض شفاء یاب ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## گردے کی پتھری کے لئے

اگر کسی کے گردہ و مثانہ یا پتہ میں پتھری پیدا ہو جائے یا ریگ جمع ہو جائے اور اس سے مریض کو ناقابل برداشت درد کے دورے پڑتے ہوئے تکلیف کی شدت کے سبب مریض زندگی پر موت کو ترجیح دیتا ہو اور ہر قسم کے علاج معالجہ کے بعد جراح سے پتھری نکالنے کے سوا اور کوئی تدبیر کارگر ہوتی ہوئی نظر نہ آئے تو سورۃ شریف کے اس پاک عمل کی بدولت اس کا مکمل علاج ہوگا۔ سورۃ اخلاص کو چینی کی بڑی سی پلیٹ پر اس طرح لکھے اور اس کو گلاب کے عرق سے دھو کر پئے اور اس عمل کو کم از کم گیارہ دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے گردے و مثانہ و پتہ کے متعلق تمام امراض کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## درد قولنج کے لئے

قولنج کا درد ایک انتہائی تکلیف دہ پریشان کن اور ناقابل برداشت قسم کا درد ہوتا ہے اس درد کا سبب ایک ایسی خشک قسم کی ریح ہے جو معدہ کی غلیظ رطوبت سے پیدا ہونے والے بخارات کو پیٹ اور انتڑیوں میں جانے سے روکتی ہے اس ریح کے غلبہ کے وقت سانس کی رکاوٹ پیدا ہو جانے والے عارضہ کے باعث انسان کو



محسوس ہوتا ہے کہ جیسے اس کی جان نکل رہی ہو درد قولنج گرم اور سرد دو قسم کا ہوتا ہے۔ جو عموماً حرارت اور گرمی کی شدت، سخت سردی اور بارش کے وقت پیدا ہو جاتا ہے۔

اس درد کو جڑ سے ختم کرنے کے لئے جہاں کتا سوتا ہو وہاں جاتے ہوئے تمام راستے سورۃ اخلاص کو پڑھتے ہوئے جائے اور اس کتے کو اٹھائے اور وہیں پر پیشاب کرے اس عمل کو کرتے ہی مریض ایسا محسوس کرے گا جیسے کبھی درد ہی نہیں تھا۔ پھر گھر آ کر اس کتاب میں مذکورہ سورۃ شریف کا نقش زعفران سے لکھ کر دو تعداد میں لکھے ایک کو اپنے گلے میں باندھے ایک کو مٹی کے مٹکے میں ڈال کر صبح نہار منہ اس میں سے پانی پیا کرے۔ اللہ شفاء دے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

## درد ناف کے لئے

دریا کا پانی لا کر اس پر جس کو ناف کا درد رہتا ہو اس کے نام کے اعداد کے مطابق سورۃ اخلاص کو پڑھ کر دم کرے اور اس پانی میں حسب مقدار آٹا ڈال کر گوندھے اور اس کی روٹی پکائے اس روٹی کو گرم حالت میں ہی رکھ کر اس مریض کے کپڑے سے باندھے اس عمل کو صبح و شام دو مرتبہ کرے پھر اتار کر اس روٹی کے تین حصے کرے اور ہر ٹکڑے پر سورۃ اخلاص کو اس طرح لکھے۔

اس میں سے ایک ٹکڑا کر کے روزانہ تین دن صبح نہار منہ پانی کے ساتھ کھائے تین دن کے بعد پھر اس عمل کو اسی ترتیب سے کرے اس عمل کو کم از کم سات دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے ناف کے درد سے نجات کے ساتھ یہ مرض دوبارہ کبھی نہیں ہوگا۔

## کینسر کے لئے

اگر کسی فرد کے متعلق اس بات کی مکمل نشاندہی ہو کہ اس کو کینسر ہے تو اس حالت میں چاہے مرد ہو یا عورت ان پر روزانہ وقت مقررہ پر ان کے پاس بیٹھ کر باوضو حالت میں سورۃ اخلاص شریف کو 500 مرتبہ پڑھ کر ان کے کینسر والے حصے پر دم کیا جائے اور پانی پر بھی دم کر کے پلایا جائے اور کھانے والی اشیاء میں پرہیز کریں اور اس عمل کو چالیس روز تک کریں۔ اللہ کے حکم سے اس کی طاقت اور برکت سے ان کا لاعلاج مرض ختم ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## چوتھیا بخار کے لئے

اگر کسی کو اس بخار میں لاحق رہنے کا پرانا عارضہ ہو تو کہیں سے پرانا گڑ حاصل کریں اسے توے پر رکھ کر اتنا گرم کریں کہ زیادہ گرم نہ ہو اور اسی حال میں تھوڑا سا لے کر اس کے اندر ایک سیر مرچ کا بیج رکھ کر اسے ہتھیلیوں کی مدد سے ایک گولی کی شکل میں بنائیں اور کل اکیس گولیاں بنائیں۔

پھر ایک خاص مقررہ وقت پر ایک گولی پر 7 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھیں اور مریض کو روزانہ صبح اکیس روز تک نہار منہ کھلائیں اور روزانہ یا اس وقت اسی تعداد میں سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر ان گولیوں کو رکھ لیں اور اس گولی کو استعمال کریں۔ اللہ کے حکم سے اس مرض کا خاتمہ ہوگا اور کبھی چوتھیا بخار کی شکایت نہیں ہوگی۔ انشاء اللہ۔



## بخار کے لئے

اگر کوئی ایسے مرض میں مبتلا ہو جائے جس کا علاج نا ممکن بن گیا ہو اور کسی بھی علاج سے شفا نہ مل رہی ہو تو اس عمل کو کرنے کے دو طریقے درج ہیں۔ پھر اپنے موقع کی مناسبت سے اس کو عمل میں لائیں۔ اللہ کے حکم سے کوئی ایسی بیماری نہیں ہوگی جو ختم نہ ہو۔

پہلا عمل اس طرح کریں جس طرح مذکورہ دنوں کے حساب سے بار بار درج کیا گیا ہے اور دوسرا طریقہ ان نقوش کو دنوں کی ترتیب سے روزانہ لکھ کر گلاب کے عرق میں تازہ ڈال کر اس عرق کو صبح نہار منہ پئیں اور آئندہ اگلے روز اس نقش کو نکال کر کسی پاک جگہ رکھیں اور پھر نیا نقش لکھ کر استعمال میں لائیں اللہ کے فضل و احسان سے اگر بڑے سے بڑا لاعلاج کینسر بھی ہوگا تو اس عمل پاک کی بدولت ایسے ٹھیک ہوگا جیسے یہ مرض پہلے نہیں تھا لیکن اس عمل کو کرنے کے لئے اور اس عمل کو کرنے سے پہلے کامل یقین صادق بہت ضروری ہے بلکہ ہر عمل میں جب تک اس عمل کے متعلق ایمان مضبوط نہیں ہوگا کوئی بھی عمل اثر نہیں کرے گا۔

اس لئے کہ اس پر کسی کا یقین نہیں رہے گا اور جتنا ایمان کامل ہوگا کام اتنی جلدی اور آسانی سے ہوگا اس لئے اس کتاب کے علاوہ بھی اگر کوئی عمل کرنے کا موقع ملے تو اپنے ایمان کو مضبوط رکھیں۔

## پیٹ کے کیڑوں کے لئے

پیٹ کے کیڑوں کے نامراد مرض کا موثر اور بے ضرر علاج اگر ہے تو صرف کلام

الٰہی ہے اور اس کے اثرات سے پیٹ کے تمام کیڑوں کو ہر قسم کے علاج کرنے پر بھی ختم نہ ہوتے ہوں اس کی طاقت واثر سے بہت جلد ہلاک ہوجاتے ہیں اور مریض کو شفاء ضرور ہوتی ہے اس لئے سورۃ اخلاص کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور لہسن کے پانی اور شہد سے دھو کر صبح تازہ عمل کو نہار منہ پیا کرے اس عمل کو سات دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے پیٹ میں جو بھی کیڑے یا کرم ہوں گے وہ اس کی طاقت سے مرجائیں گے۔ انشاء اللہ۔

## ہیضہ کے لئے

اگر کوئی اس مرض میں اکثر مبتلا رہتا ہو اور مریض دن بدن سوکھ کر کانٹا بنتا جا رہا ہو تو اللہ کو اپنا حامی و ناصر بنائے اور سورۃ اخلاص شریف کو سونف کے عرق پر اس مریض کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور وہ اس عرق کو دن میں کئی مرتبہ پینے کے بعد بھی روزانہ صبح نہار منہ اسے ضرور پئے اللہ کے حکم سے یہ مرض اگر پرانا بھی ہوگا تو اس روحانی علاج سے صحت ہوگی۔ انشاء اللہ۔

## کمر کے درد کے لئے

اگر کوئی اس مرض میں مبتلا ہو تو اس مرض کو کھڑا کر کے سورۃ اخلاص کو پڑھتے ہوئے چھری کو اس کی گردن سے لے کر کمر کے مقام درد تک پھیرتا ہوا اوپر سے نیچے لائے اور ساتھ ہی ساتھ سورۃ شریف کا ورد بھی جاری رکھے اور تین مرتبہ اس عمل کو کر کے اس مریض پر دم کردے اسی طرح عمل کو اکیس دنوں یا گیارہ دنوں تک کیا جائے اللہ کے حکم سے شفاء ہوگی۔



## زخموں سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کو چوٹ کے ذریعے یا کسی بھی طریقے سے زخم بن گیا ہو اور کسی بھی دوا دارو سے آرام نہ ملتا ہو تو اس نقش کو بعد نماز فجر زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر روئی کی مدد سے زخموں پر لگائے اللہ کے حکم سے جو بھی زخم ہوگا وہ چند دنوں کے اندر بالکل ٹھیک ہوگا۔ ایک عدد پھر نقش کو زعفران سے لکھ کر اس کے سیدھے بازو پر باندھے زخموں سے مکمل نجات ہوگی۔ انشاء اللہ۔

## الرجی کے لئے

اگر کسی کو بھی الرجی کی شکایت ہو تو ان نقوش کو دونوں کی ترتیب سے زردے کے رنگ سے لکھ کر گھر میں استعمال ہونے والے نمک میں رکھے اور اسی نمک کو اپنی ہر کھانے پینے والی چیز میں استعمال کرے اللہ کے حکم سے ان کو کسی دوسرے علاج کی ضرورت نہیں رہے گی۔

## چیچک کے لئے

اگر کسی کو چیچک کا عارضہ لاحق ہو جائے تو اس تکسیر کو کالی سیاہی سے لکھ کر اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے ایک عدد پھر لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کرم فرمائیگا۔

## چھپاکی کے لئے

اس کا ایک نام الرجی بھی ہے اور تکلیف دہ مرض ہے جس میں اچانک تمام جسم

پر سرخی مائل دھبے نمودار ہوجاتے ہیں جن میں شدید قسم کی خارش اور جلن پیدا ہوجاتی ہے جسم میں سوئیاں سی چبھتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں اس کے ساتھ ہی ہلکا سا بخار بھی ہوجاتا ہے جس سے مریض کی طبیعت میں بے چینی اور گھبراہٹ پیدا ہوجاتی ہے اس کے کامل و مکمل علاج کے لئے کسی سوتی سفید کپڑے پر زعفران سے سورۃ اخلاص لکھے اور اس پر سات مرتبہ اس سورۃ کو پڑھ کر دم بھی کرے پھر اسی کپڑے کو مریض کے سارے جسم پر پھیر کر اس کے گلے میں باندھے اس مرض سے نجات ہوگی۔ انشاء اللہ۔

## مسوں کے لئے

اگر جسم کے کسی حصے پر موکے نکلتے ہوں اور یہ بڑھتے ہی جائیں اور کسی بھی علاج سے آرام نہ ملتا ہو تو لال سرخ دھاگے کو ایک فٹ کی مقدار کے برابر لے اور اس پر سورۃ اخلاص کو جس کا علاج کرنا ہے اس کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اس موکے پر رکھ کر اس پر گانٹھ لگادے اور اس پر پھر سورۃ شریف سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے تیز استرے سے اس کا سرا اڑا دے لیکن اس عمل کو کرنے سے پہلے دیسی گھی نیم گرم پاس ہی رکھے اور موکا کاٹنے کے بعد اس گھی کو اس کی جڑ پر لگادے بس ایک ہی موکا کاٹے اللہ کے حکم سے جسم میں جتنے بھی موکے ہوں گے وہ ایک کاٹنے سے دوسرے بھی ختم ہوجائیں گے۔ ویسے تو اس عمل کی بدولت درد نہیں ہوتا اگر کوئی درد محسوس کرے تو اس پر سورۃ شریف پڑھ کر دم کرتا رہے اللہ شفا دے گا۔ انشاء اللہ۔

## رسولی کے لئے

اگر کسی کے جسم میں جس بھی مقام پر رسولیاں نکل آئی ہوں تو خرگوش کو ذبح



کر کے اس کا دل نکالے اور کسی قدر پانی پر سورۃ اخلاص شریف کو مریض کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر اس پانی سے دل کا خوف صاف کرے اور اس پانی کو کسی پودے میں ڈال دے اور اپنے مقصد کی مکمل نیت باندھ کر اس کو تعویذ کی شکل میں مریض کے سیدھے بازو پر باندھے اور ساتھ ہی مریض کے جس حصے میں رسولی ہو وہاں سورۃ کو پڑھ کر دم کرتا رہے سات دن یہ دل مریض کے بازو پر بندھا رہے سات دن کے بعد اس کو کھول کر مریض کے کپڑے میں لپیٹ کر اس کو چلتے ہوئے پانی میں بہائے پھر ایک ایسی چھری لائے جس کا دستہ بھی لوہے کا ہو اس پر مریض کا ہاتھ لگوا کر سورۃ اخلاص کو مریض کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اس سے مریض کے اس حصہ کا تصور باندھ کر کاٹنا شروع کرے جہاں رسولی ہو بس تصور میں ہی ان رسولیوں کو کاٹتا جائے اور ساتھ ہی ساتھ سورۃ اخلاص کو پڑھ کر دم کر کے پھونکیں مارتا جائے اللہ کے حکم سے رسولیاں جسم کے اندر سے بہہ جائیں گی۔ انشاء اللہ۔

## لقوہ کے لئے

اگر کسی کو کسی سفلی علم کے ماہر نے اپنے غلیظ علم سے لقوے کا مریض بنادیا ہو تو وہ صبح نہار منہ سورۃ اخلاص کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور گلاب کے عرق پر دم کر کے پئے اللہ کے حکم سے لقوہ ٹھیک ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## فالج کے لئے

اگر کسی سفلی علم کے ماہر نے اپنے عمل کے ذریعے کسی کو فالج میں مبتلا کردیا ہو تو اس کے روحانی علاج کے لئے سات مختلف مقامات سے پانی لائے اور ہر پانی کی

بوتل کو علیحدہ علیحدہ رکھے اوران کو دن کے وقت سورج کی روشنی میں ان کے ڈھکن کو کھول کر رکھے اور رات کو چاند کی روشنی میں بوتلوں کا ڈھکن کھول کراس کی روشنی میں رکھے ہر بوتل کے پانی پرسورۃ علیحدہ علیحدہ سات مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اس طرح سات بوتلوں پر علیحدہ علیحدہ سے دم کرے جب سات دنوں تک روشنیوں والا یہ عمل کرلےتو آٹھویں دن ان سب کے ڈھکن کھول کران کو اکٹھا کر کے رکھے اور 500 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کران تمام بوتلوں کے پانی پر دم کرے ان کا استعمال اس طرح کرے کہ مریض ان تمام پانی کی بوتلوں میں سے ایک ایک گھونٹ نکال کرکسی بڑی سی چینی کی پلیٹ میں ڈالے اوراس میں اپنے آپ کے تصور کو اچھی طرح سے دیکھے پھر اس پانی کو بسم اللہ شریف پڑھ کر تین گھونٹوں میں پیے اس عمل کو اکیس دنوں تک کرے اور پانی بھی اتنا جمع کرے جو اکیس دنوں کے استعمال سے ختم ہوجائے اللہ کے حکم سے فالج کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ انشاءاللہ۔

## رتح اور جوڑوں کے درد کے لئے

اس علاج کے لئے کسی پاک برتن میں بارش کا پانی حاصل کریں اوراس پر سورۃ اخلاص کو 1000 کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور پانی پلانے سے پہلے مریض کو اسی سورۃ کو پڑھ کر دم کرے اور یہ پانی مریض صبح نہار منہ پیے اللہ کے حکم سے جسم میں تمام دردوں اور جوڑوں کے درد کا خاتمہ ہوگا۔ اگر اس عمل سے شفا نہ ہو تو کچھ مقدار میں زیتون کا تیل پاک برتن میں ڈال کر اس پر سورۃ اخلاص شریف کو 1000 کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور مریض اس تیل کو اپنے جسم کے ان متاثرہ حصوں پر مالش کرے جہاں درد رہتا ہو اللہ شفاء دے گا۔ میرے خیال سے کامیاب ہونے کے لئے



ان دونوں عملوں کو اکٹھے ہی کریں کیونکہ اس سے پانی اور تیل دونوں کا اثر مل کر جلد از جلد شفاء پہنچائے گا۔ انشاءاللہ۔

## پیشاب میں جلن کے لئے

اگر کسی کو پیشاب کرتے ہوئے جلن ہوتی ہو یا پیشاب کے بعد قطرے نکلتے ہوں تو اس کا روحانی علاج اس طرح کرے کیونکہ یہ مرض سفلی بنیاد پر بھی ہو جاتا ہے اور کسی بھی دنیاوی علاج سے اس کا علاج نہیں ہوتا اس کے علاج کے لئے کسی فولادی چھری سے کبوتر کو ذبح کرے اور اس کے خون سے سورۃ اخلاص کو لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے پھر اس کے گوشت اور چھری کو مریض کے سر سے سات مرتبہ اتار کر دریا میں پھینک دے اللہ کے حکم سے اس مریض کا روحانی علاج ہوگا اور اس کو صحت حاصل ہوگی۔ انشاءاللہ۔

## شوگر (ذیابیطس) کے لئے

اس مرض سے نجات کے لئے رال سفید کو کھرل میں ڈال کر اس کا سفوف بنائے اس پر سورۃ اخلاص کو مریض اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور روزانہ صبح نہار منہ ایک تولہ کی خوراک پانی کے ساتھ کھائے اس عمل کو چالیس دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے شوگر کا خاتمہ ہوگا اور آئندہ کے لئے بھی اس مرض سے محفوظ رہے گا۔ انشاءاللہ۔

## احتلام کے لئے

اگر کسی لڑکے یا مرد کو روزانہ احتلام ہوتا ہو تو وہ نماز کو کبھی بھی ترک نہ کرے اور

روزانہ رات کو سونے سے پہلے اپنے بستر کو پاک کرے اور باوضو حالت میں بستر پر لیٹ کر سورۃ اخلاص شریف کو بلاتعداد پڑھتے ہوئے سو جائے۔ اللہ کے حکم سے ان کا احتلام کا عارضہ ختم ہوگا اور اگر یہ اس عمل میں افاقہ نہ سمجھیں تو اسی عمل کو مسلسل کرتے رہیں۔

## زنا کاری سے نجات کے لئے

اگر کوئی مرد و عورت زنا کاری یا فحش گوئی بہت زیادہ کرتا ہو اور کسی بھی طریقے سے اس کی اصلاح نہ ہوتی ہو تو جس پر اس عمل کو کیا جائے اس کے نام کے اعداد کے مطابق سورۃ اخلاص کو پڑھے اور پانی پر دم کرے پھر اس پانی سے آٹا گوندھے اور اس آٹے کی روٹی پکا کر اس کو کھلائے جس پر عمل کرنا ہو اللہ کے حکم سے وہ ضرور اپنی ان حرکات سے باز آئے گا جو ناجائز زنا کاری کرتا ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## بواسیر کے لئے

اگر اس نقش کو اس مرض کی خاطر دریا یا نہر کے اندر (ناف تک پانی ہو) جا کر زعفران سے لکھا ہوا اور اگر مرد ہو تو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اگر کوئی خاتون ہو تو اپنے الٹے بازو پر باندھے تو اللہ کے حکم سے بواسیر کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## بواسیر کے لئے

اگر کسی کو بواسیر کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو اور کسی بھی علاج سے آرام نہ آئے تو ان نقوش کو زعفران سے لکھے اور اس کے اوپر نام مریض مع والدہ اور مختصر سا مقصد بھی لکھے اور انہیں دنوں کی ترتیب سے پانی میں ڈال کر روزانہ اس کا پانی پیئے اور انہی



نقوش کو پھر کبوتر کے خون سے لکھ کر بتائے گئے طریقہ کے مطابق اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے بواسیر کا خاتمہ ہوگا۔

جس کسی کو بھی بواسیر خونی ہو یا بادی نئی ہو یا پرانی یا اس مرض کا کوئی بھی پہلو ہو اور کسی بھی علاج اور دم درود سے شفاء نہ ملتی ہو تو سورۃ اخلاص شریف کو چینی کی نئی پلیٹ پر اس طرح زعفران سے لکھے۔

ب س م ال ل ہ ال رح م ن ال رح ی م ق ل ہ وال ل ہ اح دال ل ہ ال ص م دل م ی ل دول م ی ول دول م ی ک ن ل ہ ک ف واا ح د اور انہیں گلاب کے عرق سے دھو کر اسی وقت پی لے پھر اس طرح دوبارہ زعفران سے لکھ کر اسے مریض کالی ڈوری کی مدد سے اپنی کمر میں باندھے اور پہلے عمل کو مسلسل شفاء کے حصول تک جاری رکھے بفضل خدا شفا ہوگی۔

## بانجھ پن کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو جائے تو بارش کے پانی پر سورۃ اخلاص کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر دم کرے اور عورت اپنے ایام ماہواری سے فارغ ہو کر اس پانی کو روزانہ صبح نہار منہ پیا کرے اور اس سے ہٹ کر علیحدہ ایک چھٹانک بارش کے پانی میں خالص شہد بھی اسی مقدار سے ملائے اور اس پر پھر اپنے نام کے اعداد کے مطابق سورۃ اخلاص کو پڑھ کر دم کرے اس شہد کو دن کے تین حصوں میں نیم گرم کر کے کھائے اس عمل کو تین دنوں تک کرے پھر چوتھے روز اپنے خاوند سے ہم بستر ہو اگر حمل ٹھہر جائے تو پھل جل کے مہینوں سے اسی عمل کو مسلسل کیا جائے اللہ کے حکم سے بانجھ پن کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

## اٹھرا کے لئے

یہ مرض خواتین کے جملہ امراض میں سب سے زیادہ خوفناک، پریشان کن اور سخت تکلیف دہ ہوتا ہے اور اکثر حالتوں میں جان لیوا قسم کا علاج مرض خیال کیا جاتا ہے۔ اس مرض کی بہت سی قسمیں ہیں جن میں سب سے زیادہ خطرناک اور مہلک قسم وہ ہے جس میں پیدائش کے بعد بچہ مختلف جسمانی عوارضات کا شکار ہو کر لقمہ اجل بن جاتا ہے اس لئے اٹھرا چاہے کسی بھی قسم کا ہو تو حمل کے تیسرے ماہ کے شروع میں اس کے دائیں اور بائیں کان میں سورۃ اخلاص کو 100 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اسی عمل کو کم از کم گیارہ دنوں تک کریں اللہ کے حکم سے اس مرض سے مکمل نجات ہوگی۔ انشاءاللہ۔

## حفاظت حمل کے لئے

اگر کوئی عورت حاملہ نہ ہوتی ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور قدر پانی چینی ملا کر اس کا شیرہ بنا کر اسے اس میں ڈال کر اس شیرے کو دودھ میں ملا کر اس کو رات سونے سے پہلے پیئے اور تین دن تک اس شیرے کو پی کر ختم کر لے پھر اپنے خاوند سے ہم بستر ہو اللہ کے حکم سے حمل ٹھہرے گا۔ اگر کسی خاتون کا حمل ساقط ہوتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے گلاب کے عرق میں ڈال کر اس عرق کو دن میں کئی مرتبہ استعمال کرے اور ایک عدد زائد لکھ کر اسے اپنے الٹے بازو پر باندھے اگر کسی کا بچہ پیٹ میں مر گیا ہو اور کسی طریقے سے باہر نہ آتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر بند کر کے تعویذ کی شکل میں اسے عورت کے پیٹ کے اوپر باندھے اللہ کے حکم سے مردہ بچہ پیٹ سے باہر آئے گا۔ اگر کسی حاملہ عورت کو کسی سفلی یا کالے عمل میں گھرنے کا



اندیشہ ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر کسی لوہے کے ٹکڑے میں لپیٹ کر اسے اپنے گلے میں باندھے تو اس پر کوئی بھی سفلی علم کے ذریعے نقصان نہیں کر سکے گا اور اگر اس پر کسی نے سفلی علم کر دیا ہو تو اس نقش کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی بھی پیئے اللہ کے حکم سے حاملہ اور بچہ دونوں سلامت رہیں گے۔ انشاءاللہ۔

## حفاظت حمل کے لئے

اگر کوئی عورت اولاد سے محروم ہو اور کسی بھی طریقے سے حمل نہ ٹھہرے تو حیض و نفاس والے دنوں سے پاک ہو کر بروز نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء سورۃ اخلاص کو 111 مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے پیئے اس عمل کو آئندہ جمعرات تک اسی طرح کرے اللہ کے حکم سے حمل قرار پائے گا۔ اگر کسی خاتون کو پیدائش کے وقت تکلیف دہ مراحل سے گزرنا پڑے تو وہ سورۃ اخلاص کو پاک سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنی کمر پر باندھے اللہ کے حکم سے آئندہ کبھی بھی پیدائش کے وقت درد نہیں ہوگا۔ ان تمام مقاصد کے حصول کے لئے اگر کسی خاتون کو اپنی اور اپنے بچہ کو تمام تکالیف سے بچانا ہو تو سورۃ اخلاص کو زعفران سے اپنے پاک کپڑے پر لکھے اسے اپنے الٹے بازو پر باندھے اس دوران اگر پیدائش ہو تو اس نقش کو اتار کر اس بچے کے گلے میں پہنائے بچہ و ماں دونوں ہی بیرونی اور اندرونی تکالیف سے محفوظ رہیں گے۔ انشاءاللہ۔

## استقرار حمل کے لئے

اگر کسی عورت کو کسی بھی طریقے سے حمل نہ ٹھہرتا ہو تو اس نقش کو چینی کے برتن پر زعفران سے لکھے اور اس کے اردگرد سورۃ اخلاص شریف کو مفرد حروف میں اس طرح

لکھیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ق ل ہ و ا ل ل ہ ا ح د ا ل ل ہ ا ل ص م د ل م ی ل د و ل م ی و ل د و ل م ی ک ن ل ہ ک ف و ا ا ح د بسم اللہ الرحیم۔

## درد زہ کے لئے

اگر کسی خاتون کو پیدائش کے وقت زیادہ درد ہوتا ہو تو اس کو سورۃ اخلاص شریف 41 مرتبہ پڑھ کر تازے پانی پر دم کر کے اس عورت کو پلائیں جو اس درد میں مبتلا ہو۔ اللہ کے حکم سے ان کو زیادہ درد کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ اللہ اپنا فضل فرمائیں گے۔ انشاءاللہ۔

## وضع حمل کے لئے

یہ عمل خاص طور پر ان خواتین کے لئے درج کیا جا رہا ہے جن کے متعلق ڈاکٹر حضرات پیدائش میں آپریشن کرنے کا نہیں بتاتے لیکن بوقت پیدائش حیرت اس وقت ہوتی ہے جب ڈاکٹر حضرات آپریشن کرنے کا کہتے ہیں۔ یہ مرض عورتوں کو سایہ آسیب کی وجہ سے لاحق ہوتا ہے اور اس بات کو سوائے سمجھدار افراد کے کوئی نہیں جانتا اور وقت پڑنے پر بہت بڑی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لئے اس کے کامل علاج کے طور پر اس فتیلے کو پچھلے اوراق میں گزرے تیل میں بھگو کر اس کو چراغ میں جلانے کا ارادہ کریں اور حاملہ عورت اس چراغ میں جلتے فتیلے کو باوضو حالت میں سامنے بیٹھ کر دیکھے اور عمل کو اکتالیس دنوں تک کرے اور سورۃ اخلاص شریف کے کرامتی نقش کو زعفران سے لکھ کر اس کو اپنے الٹے بازو پر باندھے۔ بحکم اللہ ان کا بڑا آپریشن نہیں ہوگا۔ انشاءاللہ۔



## حفاظت حمل کے لئے

اس مرض سے مکمل نجات پانے کے لئے، حمل کے پہلے مہینے میں ہی دیسی اجوائن پاؤ، سیاہ مرچ پاؤ اور پاؤ خالص شہد لے کر عروج ماہ میں جب نیا چاند چڑھے اس کے پہلے پیر کو نماز فجر کے بعد سورۃ اخلاص شریف کو ان پر 100 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور روزانہ حمل کے دنوں میں ایک چٹکی اجوائن تین دانے سیاہ مرچ اور انگلی پر حسب مقدار شہد ڈال کر اس کو چاٹیں، ان اشیاء کو آپس میں مت ملائیں یا کھرل مت پیسیں بلکہ ان کو علیحدہ علیحدہ رکھیں اور اس عمل میں زیادہ طاقت پیدا کرنے کے لئے کالی مرچ پر علیحدہ 100 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھیں اور سب ادویات پر علیحدہ 100 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر پھر اس کو استعمال کریں۔ اللہ کے فضل اور حکم سے ان کا یہ مرض جڑ سے ختم ہوگا اور جو بچہ اس عمل سے پیدا ہوگا انشاءاللہ زندگی والا ہوگا۔

## دودھ میں اضافہ کے لئے

اگر کسی عورت کے ہاں پیدائش ہوئی ہو اور بچے کو پلانے کے لئے اس کا دودھ خشک ہو گیا ہو اس کی ایک وجہ نظر بد ہو سکتی ہے یا یہ مرض خون کی کمی یا جسمانی عارضہ کی وجہ سے لاحق ہو سکتا ہے اور عورت کا دودھ خشک ہو جاتا یا اتنا دودھ نہیں ہوتا جس سے بچہ اچھی طرح پیٹ بھر سکے دودھ خشک ہونے یا نہ آنے کی کوئی بھی وجہ ہو شفاء حاصل کرنے کیلئے سورۃ اخلاص کو تانبے یا چاندی کی پلیٹ پر کندہ کروا کر اپنی ہر کھانے پینے والی شے کو اسی میں رکھ کر کھایا کرے اللہ کے حکم سے جو بھی مرض ہوگا وہ دور ہوگا اور دودھ میں زیادتی ہوگی لیکن اس عمل کو عورت پیدائش سے پہلے ہی کندہ کروا کر رکھ لے

تاکہ بوقت ضرورت کوئی پریشانی غالب نہ آئے۔

## دودھ میں اضافہ کے لئے

اگر کسی عورت کا بعد ولادت دودھ خشک ہو گیا ہو یا دودھ نہ بنتا ہو اور ایسا عورت میں کمزوری کے باعث ہو۔ یا کسی نے عمل کے ذریعے کروادیا ہو تو ان دونوں صورتوں میں اپنے اس مقصد کو حل کرنے کے لئے تھوڑا سا نمک سا نبھر لے کر اس پر 500 مرتبہ سورۃ اخلاص شریف پڑھیں اور اس نمک کو گاہے بگاہے تھوڑا تھوڑا چاٹتے رہیں۔ اللہ کے فضل سے دودھ بنے گا۔

## بچوں کے امراض کے لئے

اس ایک نقش سے کوئی بھی بروقت لکھے خواص سے کام لے سکتا ہے اگر بچہ ناجائز ضد کرے تو اس نقش کو بدھ کے دن رات کو سرخ روشنائی سے لکھے اور بچہ کا نام مع والدہ لکھ کر اسے سرسوں کے تیل میں ڈال کر اس تیل کی مالش روزانہ اس کے سر پر کرے اور ایک عدد زعفران سے لکھ کر اس کے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے بچہ کبھی بھی ناجائز ضد نہیں کرے گا۔ اگر بچہ رات کو سوتے ہوئے بستر پر پیشاب کرتا ہو تو اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر نام بچہ مع والدہ لکھ کر اس کے پہنے ہوئے کپڑے میں لپیٹ کر اس کے سرہانے رکھ دے تو بچہ کبھی بستر پر پیشاب نہیں کرے گا اور ایک عدد زائد نقش لکھ کر اس گلے میں پہنائے۔ اگر بچہ والدین سے بدتمیزی یا ناجائز جھگڑا کرتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر شیشے کے جگ میں ڈال کر اس کے اندر اتنی چینی ڈالے کہ اس پانی کا شیرہ بن جائے پھر بچہ کی ہر کھانے و پینے والی شے میں اس شیرے کو ڈال کر کھلائے



اور پلائے بچہ ہرگز اپنے والدین سے بدتمیزی یا برا سلوک نہیں کرے گا۔ اگر بچہ دن بدن نئی نئی تکالیف میں مبتلا ہوتا ہو تو اس نقش کو سرخ روشنائی سے بروز اتوار لکھے اور اس کے اندر اس بچے کے چند بال کاٹ کر رکھے اور پھر اس پر سورۃ اخلاص کو 100 مرتبہ اپنے مقصد و نیت کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے اور چاندی میں محفوظ کر کے اس کے گلے میں پہنائے تو بچہ کسی مرض، بیماری یا تکلیف میں مبتلا نہیں ہو گا۔ اس کے علاوہ جو بھی اس نقش کو کسی بھی مقصد سے لکھے تو اس پر کم از کم 100 مرتبہ سورۃ شریف پڑھ کر دم ضرور کرے اور پھر بتائے گئے طریقہ کے مطابق عمل کرے۔ اللہ ضرور کامیابی دے گا۔

## بچوں کے امراض کے لئے

بچوں کے ہر قسم کے عارضوں میں ان پر سورۃ اخلاص شریف کو 41 مرتبہ پڑھ کر دم کرنے کا معمول بنائیں۔ مثلاً اگر بچے ضد کرتے ہوں تو اسی تعداد میں سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر چینی پر دم کر کے سادی چینی یا دودھ میں ملا کر بچے کو دیں۔ وہ ناجائز ضد نہیں کرے گا اور اگر خواب میں ڈرتا یا چونکتا ہو تو سادے پانی پر اوپر مذکورہ تعداد کے مطابق پڑھ کر دم کریں یا پانی پر دم کر کے اس پانی کو رات کو سوتے میں اس بچے کے منہ اور سینے پر چھینٹے لگائیں۔ بحکم اللہ وہ ڈرنا، چونکنا ترک کر دے گا۔ اگر بچہ بستر پر پیشاب کرتا ہو تو سورۃ اخلاص شریف کو سادے کاغذ پر زعفران یا کالی سیاہی سے لکھ کر اس کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی بچے کو پلائیں۔ وہ بستر پر پیشاب نہیں کرے گا اور بچوں کی دیگر شکایات کو دیکھ کر حسب مناسب وقت کے لحاظ سے سورۃ اخلاص شریف کو 41 مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے شفائے کاملہ نصیب ہو گی۔

## بچوں کے امراض کے لئے

ان نقوش کو بچوں کی ہر بیماری دور کرنے کی خاطر زعفران سے لکھیں اور دونوں کی ترتیب سے روزانہ میٹھے دودھ میں ملا کر اس کا پانی بچوں کو پلائیں اور اگلے دن کے لئے تازہ نقش رات کو لکھ لیا کریں اس عمل کو ایک ہی مرتبہ کر کے دیکھ لیں اگر اثر کرے تو کبھی بھی بچے کو کوئی مرض ہو تو انہی نقوش کی مدد سے اس کا علاج کریں اللہ کے حکم سے ہر کوئی ان نقوش کو اثر رکھنے والا پائے گا۔ نقش کے اندر نام بچہ معہ والدہ ضرور لکھیں۔

## ام الصبیان کے لئے

اس مرض کے بھی دور کے بدلنے کے ساتھ نام بدل گئے ہیں اصل میں یہ بچوں کی مرگی اور جموگا کا نام ہے اور اکثر حالت میں آسیب چمٹ جانے سے بھی یہ عارضہ لاحق ہو جاتا ہے۔ یہ ایک غیر متعدی قسم کا مرض ہے جو عموماً سات آٹھ سال کی عمر تک بچوں کو ہو جاتا ہے یہ مرض جتنا عام ہے اتنا ہی خطرناک اور مہلک ثابت ہوتا ہے اس لئے اکثر زیادہ بچوں میں مرنے والوں کی تعداد اسی مرض سے ہوتی ہے اور یہ بات ڈاکٹر حضرات کی سمجھ سے بالاتر ہے۔

اگر کسی بچے کے متعلق اس بات کی مکمل تصدیق ہو کہ اسے ام الصبیان ہی ہے تو ایک ایسا سرکنڈے لے جو اندر سے خول کی شکل میں بالکل خالی ہو اور بچے کے قد کے برابر ہو پھر اس خول کے اندر سوۃ اخلاص کو 100 کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اس کے ایک سرے کو بچے کی ناف کی جگہ پر کسی قدر دبا کر رکھے اور دوسرے سرے کو روغن سیاہ بارود خوب تر کر کے روشن کرے یہ سرکنڈہ شمع کی مثل جلنے لگتا ہے جب یہ ایک بالشت



بھر حصہ جل جائے تو اسے ناف پر سے ہٹا کر جلتے ہوئے سرے کا رخ زمین کی طرف کر کے اسے الٹا دے سرکنڈہ کے سوراخ سے زرد رنگ اور غلیظ قسم کا بدبودار پانی بہہ جائے گا یہ پانی ایک قسم کا خطرناک زہر ہوتا ہے جو اس مرض کے سبب بچے کے جسم میں کثرت کے ساتھ پیدا ہو جاتا ہے اور مرض کی کامل تشخیص و مناسب تجویز علاج کے نہ ہونے کے سبب انجام کار یہ زہریلا مادہ جان لیوا ثابت ہوتا ہے اور اس دم اور سرکنڈہ والے عمل سے یہ پانی مریض بچے کے جسم سے ناف کے ذریعے پسینہ کی طرح نکل کر سرکنڈہ کی نالی کے سوراخ میں جمع ہو جاتا ہے اس جلے ہوئے سرکنڈہ کو پھینک دے اور ایک دوسرے سرکنڈے کو لا کر اسی طرح اس عمل کو گیارہ دنوں تک دم کرنے کی شکل میں کرے اللہ کے حکم سے یہ ام الصبیان کا بے مثل روحانی علاج ہے اور اس کے اثرات سے کبھی بھی ام الصبیان نہیں ہوتا۔

## جانوروں کے امراض کے لئے

اگر کسی فرد نے حلال جانور پالے ہوں اور ان جانوروں سے اس کا ذریعہ معاش جڑا ہوا اور وہ دن بدن بیمار ہوتے ہوں اور ان کی بیماری کی صحیح سمجھ میں بھی نہ آ رہی ہو تو دریا سے کافی مقدار میں پانی بھر کر لائیں اور اس میں پانچ یا سات پتے نیم کے توڑتے وقت سورۃ اخلاص شریف پڑھ کر توڑیں اور اس دریا والے پانی میں ڈال کر سب پانی اور پتوں پر سورۃ اخلاص شریف کو 100 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو اپنے جانوروں کو پلائیں۔ اللہ کے حکم سے ان کے جانور کسی بھی بیماری میں مبتلا نہیں ہوں گے اور اگر دودھ دینے والے جانور ہوں گے تو روز بروز ان کا دودھ بڑھے گا۔

# حاضری جنات کے لئے

اگر کسی کو جنات سے ملاقات اور ان سے رابطہ کرنے کا شوق ہو تو وہ پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے پاک و صاف جگہ کا انتخاب کرے اور اپنے لباس کو بھی بالکل پاک و صاف رکھے لوبان کو سلگائے پھر اکتالیس دنوں تک اس عمل کو چلے کی شکل میں کرے۔ مخلوق جنات اس کے پاس حاضر ہو گی لیکن اس مخلوق سے ہرگز مت ڈرے ورنہ یہ آپ کا نقصان کر دے گی۔ روزانہ رات کو بعد نماز عشاء مصلے پر بیٹھ کر سورۃ اخلاص شریف کو 1000 کی تعداد میں پڑھے اور مقصد و نیت کا پورا لحاظ رکھے۔ اگر دنوں کی تعداد اکیس ہو گی تو اکیس دنوں سے پہلے یہ مخلوق حاضر ہو گی اور صاحب ورد کو اپنے بلانے کا مقصد جو ہو گا تو یہ ضرور پورا کریں گے اور رخصت ہو جائیں گے اور اگر ان کو دوبارہ بلانا مقصود ہو تو ان سے دوبارہ آنے کا بھی طریقہ خود دریافت کریں اور ان کو کامل تسخیر کرنے کے لئے اور پرہیز جلالی و جمالی کے قواعد پر مکمل عمل کرنے کے لئے اور فن عملیات کو باقاعدگی سے سیکھنے کے لئے ڈاکٹر فرقان سرمد سے رجوع کریں آپ کو ان اسراری خواص سے مکمل واقفیت حاصل ہو گی جو اس قسم کے کام کرنے کے لئے بہت اہم ہیں۔

# ہر بیماری کے لئے

اگر کسی کو ایسا مرض لاحق ہو جائے جس میں کسی بھی قسم کی دوا اثر نہ کر رہی ہو تو اس نقش کو صبح مریض کو اپنے پاس بٹھا کر چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور اس کے نیچے مریض کا نام مع والدہ ضرور لکھے اور اس پر مصری کا شربت ڈال کر اس نقش



کو مٹا کر اسے پئے اس عمل کو گیارہ دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے مریض کو جو بھی مرض ہو گا وہ کھل کر سامنے آئے گا یا اس کا روحانی علاج اس عمل کے ذریعے خود ہی ہو جائے گا۔ اس لئے امراض سے نجات کے لئے اسی عمل کو کرے اللہ ضرور شفا دے گا۔ بارہویں دن اس نقش کو پھر زعفران سے لکھ کر اس مریض کے گلے میں باندھے۔

# خنازیر کے لئے

اگر کسی کو یہ عارضہ لاحق ہو جائے تو ایک ایسا مرغ لائے جو اپنے رنگ میں بالکل یکتا ہو اس میں کسی اور رنگ کا ایک پر بھی موجود نہ ہو اس کو ذبح کر کے اس کے تازہ خون سے سورۃ اخلاص کو لکھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ب س م ال ل ہ ال ر م ن ال ر ح ی م ق ل ہ و ال ل ہ ا ح د ال ل ہ ال ص م د ل م ی ل د و ل م ی و ل د و ل م ی ک ن ل ہ ک ف و ا ا ح د ب س م ال ل ہ ال ر ح م ن ال ر ح ی م بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور تانبے کے ٹکڑے میں لپیٹ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے اس مرض کا خاتمہ ہو گا۔

# بواسیر کے لئے

اگر کسی کو بواسیر خونی یا بادی ہو اور یہ مرض بہت پرانا ہو گیا ہو اور کسی بھی علاج سے شفا نہ ملتی ہو تو اس نقش کو جو کے آٹے کی روٹی پر زعفران سے لکھے اور صبح نہار منہ اس روٹی کو پانی سے کھائے اور اس عمل کو گیارہ دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے بواسیر کا نام و نشان باقی نہیں رہے گی۔

## نحوست ختم کرنے کے لئے

بزرگان دین سے یہ طریق پہنچا ہے جو ایام منحوسہ میں دفع نحوست کے لئے ہے۔ سہل بن یعقوب فرماتے ہیں۔ میں نے ایک دفع حضرت علی کرم اللہ وجہ سے کہا۔ اے مولائے من! کہ مجھے دن ماہ اور وقت کے اثرات کے اختلاف کے متعلق علم حاصل ہوا ہے۔ اگر آپ اجازت دیں تو بیان کروں! آپ نے اجازت دی بلکہ بیان کرنے پر بعض جگہ تصحیح فرمائی، میں نے کہا، مولائے من، بعض دن ایسے ہیں کہ ان میں بعض کرنے کی ممانعت ہے لیکن ان میں وہ کام کرنے ضرور ہوتے ہیں۔ نحوست کے خوف سے دل میں ایک تشویش سی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لئے کوئی ایسا طریقہ بیان فرمائیے کہ ان ایام میں ضرورت کے مطابق جو چاہیں بے خوف کر سکیں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا۔ میرے پاس ایک ایسی چیز ہے جو بائیس عالم پر اختیار رکھتی ہے خود اس سے عمیق دریاؤں کو عبور کریں۔ بیابان جنگلوں کو طے کریں یا جانوروں، درندوں، بھیڑیوں، دشمنوں، جن وانس کے درمیان رہیں۔ امان میں رکھے گی اور ان کے خوف کو کم کردے گی۔ اثر کو زائل کرے گی۔ اللہ تعالیٰ کی میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میرے کہنے پر اعتبار کرو۔ میں تمہیں ایک بہت بڑی نعمت دے رہا ہوں۔ سنو اے سہل! صبح کے وقت تین مرتبہ اَصْبَحْتُ اَللّٰھُمَّ مُعْتَصِمًا پڑھو گے اور شام کو تین مرتبہ کہو گے تو گویا تمام دن ایک محفوظ قلعے میں آ گئے۔ تمہیں دنیاوی خوف کچھ نہیں کہہ سکیں گے۔ اسے اپنا عمل بنالو اور اگر کسی خاص مقصد کے لئے کسی دن متوجہ ہو جانا چاہو اس دن کی نحوست کی وجہ سے خوف بھی ہو تو کام کرنے سے پہلے سورۃ فاتحہ (1)، سورۃ خلق (113)، سورۃ ناس (114)، سورۃ اخلاص (112)، سورۃ بقرہ 2، آیت 255،



آیت الکرسی، سورۃ قدر (97) اور آیت 195 سے 200 سورۃ آل عمران پڑھو اور اس کے بعد اپنے مقاصد کی دعا مانگو۔ یہ ایک اٹل اثر ہوگا۔

علی ابن اسباط حضرت امام جعفر صادق سے فرماتے ہیں کہ میں اور ایک اور شخص سفر کے لئے تیار ہوئے۔ ہم دونوں کے لئے یہ سفر اچھا نہیں تھا۔ میں نے اپنے علم سے معلوم کیا۔ میں نے اسی دعا سے کام لیا۔ سفر میں مجھے بہت فائدہ ہوا اور میرے ہمراہی پر سخت مصیبت آئی مجھے دیکھ کر وہ حیرانی ظاہر کر رہا تھا، تو میں نے اسے صاف صاف کہہ دیا کہ یہ اس دعا کی برکت ہے جس صبح کا افتتاح صدقہ سے کردے گا جو شخص بھی کرے گا اللہ تعالیٰ اس سے نحوست کھینچ لے گا۔ وسوسہ، خطرات اور بلا کو صدقہ ختم کرتا ہے اور دعائیں اسے روکتی ہیں۔

## مشکل کشائی کے لئے

مشکلات سے خلاصی کے لئے یہ بے نظیر عمل ہے ہر روز سفید کاغذ پر سات مرتبہ سورۃ اخلاص لکھے اور پھر اس کی پشت پر اپنی حاجت لکھ کر پانی میں بہا دیں اور نہر کے کنارے بیٹھ کر ایک ہزار ایک مرتبہ سورۃ توحید اول و آخر 14 مرتبہ اخلاص درود شریف پڑھ کر اس کا ہدیہ حضرت خضر علیہ السلام کو کرے اور دعا مانگے۔ ایسا سات دن بلا ناغہ کرے۔ یہ عمل دریا، سمندر یا نہر پر موثر ہے اور تیز اثر رکھتا ہے۔ تالاب پر تاخیر ہوتی ہے مگر کام ہو جاتا ہے۔

## حاجت روائی کے لئے

اللہ الصمد (سورۃ اخلاص 112، آیت 2) ایک ہزار ایک بار اول و آخر درود

شریف 11,11 بار ایک چلہ بلا ناغہ وقت معینہ پر پڑھیں کسی بزرگ کے مزار کے پاس یہ عمل کریں تو بہت موثر ہے۔ فقیر راقم الحروف نے کئی شخصوں کو بتایا چلہ پورا ہونے سے پہلے مقصد حاصل ہوگیا۔ والحمد اللہ علی ذالک۔

## امتحان میں کامیابی کے لئے

سورۃ اخلاص 41 مرتبہ پڑھ کر امتحان دیئے جائیں بہت مجرب ہے۔ مجھے زیادہ کچھ کہنے کی ضرورت نہیں آپ اثر خود دیکھیں گے۔

## تسخیر حب کے لئے

تسخیر مخصوص کی ترکیب لکھی جا رہی ہے وہ یہ ہے کہ اسی نقش کو مٹی کے چراغ پر لکھیں اور اطراف میں عبارت اس طرح تحریر کریں۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ وَ عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ اَجِبْ یَا عِطْرَائِیل یَا اِسْرَافِیْلُ یَا طَاطَائِیلُ یَا رَفْتَمَائِیْلُ اَلْحُبُّ فلان بن فلان علی قلب فلان بن فلان بحق سورۃ اخلاص فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کا نام اس کی ماں کا نام لکھے اگر مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کا ٹکڑا مل جائے تو بہتر ہے ورنہ پاک روئی کی موم بتی بنائیں اور چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں دوسری پلیٹ چینی کی لے کر یہی نقش اور اس کے گرد یہی عبارت لکھ کر چراغ سے ایک بالشت اونچی کر کے الٹی لٹکا دیں تا کہ چراغ کی لو کا دھواں پلیٹ کے نقش پر لگے اور یہ عمل اسی طرح پڑھنا شروع کریں جس طرح بتایا جا چکا ہے 6 دن کا عمل کر چکنے کے بعد اس پلیٹ پر اچھا گھی ڈال کر سارا کا سارا کا جل اس میں ملائیں مگر گھی زائد نہ ہو جائے اس کا جل کو ڈبیہ میں رکھ لیں۔ وقت



ضرورت اسے آنکھ میں لگا کر مطلوب کے سامنے جائے دیکھتے ہی عاشق ہو۔

## تسخیر حب کے لئے

اللہ الصمد (سورۃ اخلاص 112 آیت 2) ایک ہزار ایک بار اول و آخر درود شریف 11,11 بار پڑھے انشاء اللہ العزیز منزل مقصود تک ضرور پہنچ کر کامیاب و با مراد ہوگا حب کے لئے پان پر لکھ کر کھلائے یا پڑھنے کے بعد کسی چیز پر دم کر کے دے۔

## روحانی ترقی کے لئے

یہ عمل عجیب ترین ہے حل مشکلات کے ساتھ فرحت قلبی بھی حاصل نہیں چاہتا اگر اہل ذوق چاہیں تو اس کی دعوت بھی دیں مگر خلوت اختیار کرنا ہوگی کسی سے کلام نہ کرے ایک پرہیزگار خادم رکھیں کہ وہ ضروریات کو انجام دے غذا میں صرف بھنے ہوئے چنے یا جو کی روٹی کھائے باقی ہدایات ترک جمالی و جلالی میں ملاحظہ فرمائیں اور اس پر عمل کریں 15 دن کی خلوت میں چھ ہزار بار بطریق مذکور ذیل پڑھیں دن میں روزہ رکھیں، 400 بار روزانہ دن رات میں پڑھیں باقی اوقات میں درود و استغفار پڑھیں یا سوئیں۔

اور قضائے حاجت کے لئے 600 بار ایک دن رات میں یا تین دن میں 200 بار سہ روز پڑھیں۔ اول آخر درود شریف 41 بار، طریقہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ اَللّٰهُ الصَّمَدُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا مَنْ لَّمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا یَامَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ط اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ خُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِیْفَةِ اَنْ تُجِیْبُوْا

لِیْ اِنِّیْ مَآ اُرِیْدُ اِنَّ رَبَّکَ فَعَالٌ" لِمَا یُرِیْدُ جب 200 کی تعداد پوری ہو جائے یا ایک دن میں 600 کی تعداد پوری کرنا ہو تو ہر 200 کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھیں۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیُّهَا الْخُدَّامُ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الشَّرِیْفَةَ اَنْ تُجِیْبُوْا لِیْ مَاتَعْتَدُوْنَهٗ اِلَّا مَا اَسْرَعْتُمْ الْاِجَابَةِ بِدَعْوَتِیْ وَ بِطَاعَتِیْ فَاَسْرَعُوْا وَاَحْضِرُوْا اَطِیْعُوْا بِحَقِّ قَوْلِهٖ تَعَالٰی اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ ۔اس عمل کو شروع کرتے ہی تین موکل عامل کی مدد کے لئے متعین ہو جاتے ہیں اور جب تک کہ عامل کی ضرورت پوری نہ کر دیں واپس نہیں جاتے۔ اگر عامل کی ذات یا بات کی وجہ سے کسی مومن مرد یا عورت کا دل نہیں دکھا ہے اور ان کی آہیں اس وقت حائل نہ ہوں تو موکل سامنے حاضر ہو کر یوں کہتے ہیں ..... اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَیُّهَا الْعَبْدُ صَالِحُ اس کے جواب میں یوں کہے وَعَلَیْکُمُ السَّ[illegible] لِلّٰهِ پھر وہ سوال کریں گے کہ تو نے ہم کو کس لئے یاد کیا ہے اب اختیار [illegible] حاجت بیان کرے جائز و محمود ہو گی تو فوراً پورا کریں گے اور اگر موکلین کو تابع کرنا ہے تو ان سے یہ کہے کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ تم کو جب یاد کروں حاضر ہو اور میرا جو کام ہو انجام دو اس پر وہ کوئی شرط پیش کریں گے اگر تم نے اسے پورا کرنے کا وعدہ کیا وہ بھی خادم رہیں گے اور جب بھی اس میں کوتاہی برتی موکل حاضر نہ ہوں گے۔

## مفلسی سے نجات کے لئے

حضرت سہل بن سعدؓ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے



عرض کیا کہ میں حد درجہ افلاس اور تنگ دستی میں مبتلا ہوں۔ رزق مجھ پر تنگ ہے آپ کچھ تعلیم فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ رزق مجھ پر فراخ کر دے اور میری مالی حالت درست ہو جائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم باہر سے گھر میں داخل ہو تو کہو السلام علیکم خواہ گھر پر کوئی ہو یا نہ ہو اس کے بعد کہو السلام علیکم یا رسول اللہ اس کے بعد سورۃ اخلاص 112 ایک بار پڑھو اس عمل سے اللہ تعالیٰ تمہاری مفلسی دور کر دے گا۔

حضرت سہلؓ فرماتے ہیں کہ اس شخص نے یہی عمل کیا اور اللہ تعالیٰ نے اسے اس قدر غنی کر دیا کہ وہ اپنے ہمسایوں، عزیزوں اور دوستوں کو تقسیم کرنے لگا ضرورت مند کو چاہئے کہ جب بھی گھر میں داخل ہو اس عمل کو کرے خواہ دن میں بیس مرتبہ داخل ہو قانون قدرت بالکل سیدھے اور سادے ہوتے ہیں عاملین جو عمل تعلیم فرماتے ہیں ان میں سے اکثر پیچیدہ ہوتے ہیں کہ عام آدمی انہیں کر ہی نہیں سکتا اعداد نکالو تکسیر کرو حرف بناؤ موکل بناؤ، نقش بناؤ یہ کرو وہ کرو غرض ہزار قسم کے طریقے ہوتے ہیں مگر عملیات قدرت میں کوئی پیچیدگی نہیں ہوتی حضور صلی اللہ علیہ وسلم عامل قدرت تھے اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو عمل تعلیم فرماتے تھے بالکل سادہ ہوتے تھے لیکن اس سادگی پر بے شمار بناوٹیں قربان ہوں دنیا کے لوگ مشکل پسند ہوتے ہیں جس عمل میں جس قدر پیچیدگیاں اور عجیب و غریب باتیں ہوں گی اس کو ہر شخص عزت کی نظر سے دیکھتا ہے مگر حضور کے عملیات کا مرتبہ تو ان سے دریافت کریں جو اس راہ کے فقیر ہیں۔

## مقدمہ میں رہائی کے لئے

اگر کوئی بے گناہ کسی ناجائز مقدمہ میں پھنس گیا ہو تو اس سے بریت کے لئے نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز ادا کرے پھر اکتالیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔

اگر خود اس قدر تعداد میں پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا تو گھر کے افراد مل کر ایک جگہ بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ جب ایک مرتبہ سورۃ پڑھ لیں تو پھر دعا کرے۔ اس کے بعد اپنا مقصد بیان کرے۔

اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نتیجہ اس کے حق میں برآمد ہوگا۔

اس کے علاوہ جب تک مقدمہ کا فیصلہ ہو جائے تو اس وقت تک ہر روز نماز فجر یا عصر کے بعد ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سورۃ اخلاص کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس شخص پر اپنی بے پناہ رحمت فرمائے گا۔

## بچھو کے ڈنک کے لئے

روایت ہے عبداللہ بن مسعودؓ سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی انگلی میں نماز پڑھنے میں ایک بچھو نے ڈنک مارا پس جب کہ آپ نے نماز سے فراغت پائی تو فرمایا کہ لعنت کرے اللہ تجھ کو نہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑے نہ کسی دوسرے کو امت میں سے پھر ایک برتن میں نمک پانی میں گھول کر انگلی اس میں رکھ دی۔

پھر سورۃ اخلاص اور سورۃ فلق کو پڑھنا شروع کیا یہاں تک کہ درد جاتا رہا اور بعض روایت میں اس کا علاج سورۃ فاتحہ پڑھنا بھی سات بار آیا ہے اور بعض حدیث میں آیا ہے کہ سورۃ اخلاص اور سورۃ فلق، سورۃ ناس واسطے اس علاج وغیرہ کے بہت موثر ہیں۔

## قوت بینائی کے لئے

جس شخص کو معلوم ہو کہ اس کی بینائی میں ضعف آتا جا رہا ہے وہ اپنی بینائی کو تیز



کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر ایک بار سورۃ اخلاص پڑھے، اس کے بعد کہے۔

"فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ"

(سورۃ ق 55 آیت 22) ان کلمات کو پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنے ہاتھوں کے انگوٹھوں پر پھونک مار کر اپنی آنکھوں پر پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بینائی تیز ہو جائے گی اور کبھی نظر کی کمزوری کی شکایت نہ ہوگی۔

## آسیب زدہ کے لئے

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو اور اس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو کسی دوسرے کو چاہئے کہ وہ باوضو ہو کر اول سات مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سات مرتبہ سورۃ اخلاص کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھے اور مریض کے بائیں کان میں پھونک مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آرام آجائے گا۔

## بیوی کو نیک بنانے کے لئے

اگر کسی کی بیوی بدراہ ہو تو وہ سات روز تک نماز فجر کے بعد 33 بار (سورۃ اخلاص) پڑھے اور اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھے تو بیوی سیدھی راہ پر آجائے گی۔

## فراخی رزق کے لئے

رزق کی فراخی کے لئے ہر روز نماز عشاء کے بعد تین بار سورۃ اخلاص پڑھے۔

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

ہر روز عشاء کی نماز کے بعد یہ وظیفہ بلا ناغہ پڑھنے کا معمول بنالیا جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کبھی رزق میں کمی واقع نہ ہوگی۔

## مشکل کشائی کے لئے

جب ضروری حاجات پوری ہونے میں بھی رکاوٹیں پیدا ہونے لگیں تو نماز عشاء کے بعد باوضو ہو کر بیٹھ جائیں اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ درمیان میں سات بار سورۃ اخلاص معہ بسم اللہ سات یوم تک پڑھے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مطلوبہ حاجت بہت جلد پوری ہو جائے گی۔

☆☆☆


روحانی مسائل کے قرآنی حل پر منفرد کتاب
سورۃ ناس سے
مشکلات کا حل
قل


روحانی مسائل کے قرآنی حل پر منفرد کتاب
سورۃ فلق سے
مشکلات کا حل
قل


روحانی مسائل کے قرآنی حل پر منفرد کتاب
سورۃ کافرون سے
مشکلات کا حل
قل


روزمرہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لیے تیر بہدف عملیات
بسم اللہ سے
مشکلات کا حل
اقبال احمد مدنی